ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | پیر 24 اگست 2026ء 10 ربیع الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 349

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہرنامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

حقیقی آزادی یا شہادت لیکر رہیں گے

گولی بندوق سے نہیں ڈرتے، تیسرا کوئی آپشن نہیں، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا

نواز شریف نے عمران خان کا شفا اسپتال میں علاج نہیں ہونے دیا، جعلی حکمرانوں کو آئین وقانون کا کوئی ڈر نہیں، 27 ستمبر کو خالی ہاتھ واپس نہیں آئیں گے

ایک ہی ملک میں طاقتور کے لیے الگ قانون اور کمزور کے لیے الگ قانون، یہ ہم نہیں ہونے دیں گے، بونیر میں خطاب

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ نواز شریف نے عمران خان کا شفا اسپتال میں علاج نہیں ہونے دیا، 27 ستمبر کو خالی ہاتھ واپس نہیں آئیں گے، گولی اور بندوق سے نہیں ڈریں گے، ہم نے حقیقی آزادی لینی ہے یا شہادت قبول کرنی ہے، تیسرا کوئی راستہ نہیں۔ بونیر کے سواڑی چوک میں اسٹریٹ موومنٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے تین ججوں نے حکم دیا کہ عمران خان کی بہن کی موجودگی میں ان کا علاج کیا جائے، نواز لیگ کی موجودہ حکومت جس کے سربراہ نواز شریف ہیں انہوں نے شفاء ہسپتال میں علاج ہونے نہیں دیا، پنجاب کی وزیراعلیٰ نواز شریف کی بیٹی اور بھائی وزیراعظم ہے، جو کہتا تھا کہ مجھے کیوں نکالا اس نے عمران خان کا علاج ہونے نہیں دیا، سب سے زیادہ تنقید میں نے اسٹیبلشمنٹ پر کی اور کر رہا ہوں، پنجاب اور وفاق پر جعلی حکومت مسلط کی گئی ہے، جعلی حکومت نے سپریم کورٹ کے حکم کو ردی کی ٹوکری میں پھینکا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 27 ستمبر کو 40 لاکھ لوگ اپنا مقدمہ لڑنے کے لیے نکلیں گے، اس بار خالی ہاتھ واپس نہیں آئیں گے، 27 ستمبر کو انقلاب ہوگا، ہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

مس انفارمیشن کے مقابلے کیلئے ذمہ دارانہ حکمت عملی اپنانا ناگزیر ہے، وزیر اطلاعات

ڈیجیٹل دور میں جعلی خبروں کا تدارک، عطاء تارڑ کی نوجوان افسران کو پیشہ ورانہ، ذمہ دارانہ حکمت عملی اپنانے کی ہدایت

قومی مفاد کو مقدم رکھیں، اطلاعات ونشریات کی وزارت میں 54ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے افسران سے خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ ایڈووکیٹ نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ڈیجیٹل دور میں گمراہ کن مواد اور غلط معلومات (مس انفارمیشن) کا مؤثر مقابلے کے لیے پیشہ ورانہ، بروقت اور ذمہ دارانہ کمیونیکیشن حکمت عملی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے قطری شاہی خاندان کے ممبر شیخ نائف ملاقات کر رہے ہیں

دیرپا جنگ بندی کیلئے کوششیں جاری، فیلڈ مارشل آج ایران کا دورہ کرینگے

دورہ کا مقصد پاک، ایران دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانا ہے، ہم امریکا کے سامنے ثابت قدم ہیں، ایرانی وزارت خارجہ

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ خطے میں امن وسلامتی کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششوں کا تسلسل ہے، امریکہ ناکام رہا، ترجمان

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران اور امریکا میں دیرپا جنگ بندی کے لیے پاکستان کی کوششیں جاری ہیں اور اسی سلسلے میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر آج ایران کا دورہ کریں گے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر آج پیر کو تہران کا دورہ کریں گے، دورے کے دوران اہم ملاقاتیں ہوں گی۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورے کا مقصد پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق فیلڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف زرداری سے سعودی سفیر نواف سعید المالکی الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

دنیا بھر کے 21 سابق کپتانوں کا شہباز شریف کو خط

عمران خان کے طبی معائنے، مناسب علاج کا مطالبہ

خط پر دستخط کرنیوالوں میں مائیکل ایتھرٹن، ایلکس بلیک ویل، ایلن بارڈر، مائیکل بریرلی، گریگ چیپل، بیلنڈا کلارک، مائیکل گیٹنگ، سنیل گواسکر شامل

میڈیکل بورڈ کو عمران خان کا مکمل اور آزادانہ معائنہ کرنے کی اجازت، ہفتہ وار خاندانی ملاقاتیں بلاتعطل یقینی اور تجویز کردہ علاج فوری فراہم کرنے کے مطالبات

اسلام آباد (نامہ نگار) دنیا بھر کے 21 سابق ٹیسٹ و بین الاقوامی کپتانوں نے وزیراعظم شہباز شریف کو ایک اور خط لکھ کر سابق پاکستانی کپتان اور سابق وزیراعظم عمران خان کے طبی معائنے اور مناسب علاج کا مطالبہ کر دیا۔ کرکٹ ویب سائٹ کرک انفو کے مطابق سابق کپتانوں نے خط میں کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے عمران خان کو طبی معائنے کے لیے اسپتال منتقل کرنے اور ایسے میڈیکل بورڈ سے معائنہ کرانے کی ہدایت کی تھی جس میں ان کے ذاتی معالجین اور بہن ڈاکٹر عظمیٰ خان بھی شامل ہوں جبکہ ہفتہ وار خاندانی ملاقاتیں بھی بحال کی گئی تھیں۔ خط میں تشویش کا اظہار کیا گیا کہ عمران خان کا اسپتال میں قیام صرف چند گھنٹوں تک محدود رہا اور سپریم کورٹ کی ہدایت کردہ میڈیکل بورڈ کے بجائے سرکاری طور پر مقرر کردہ ٹیم نے ان کا معائنہ کیا جس نے انہیں طبی طور پر فٹ قرار دے کر واپس اڈیالہ جیل منتقل کر دیا۔ سابق کپتانوں نے تین مطالبات پیش کیے ہیں جن میں سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق میڈیکل بورڈ کو عمران خان، خصوصاً ان کی دائیں آنکھ کی مبینہ بینائی میں کمی، کا مکمل اور آزادانہ معائنہ کرنے کی اجازت دینا، ہفتہ وار خاندانی ملاقاتیں بلاتعطل یقینی بنانا اور طبی معائنے کی بنیاد پر تجویز کردہ علاج فوری فراہم کرنا شامل ہے۔ خط پر دستخط کرنے والوں میں مائیکل ایتھرٹن، ایلکس بلیک ویل، ایلن بارڈر، مائیکل بریرلی، گریگ چیپل، ایان چیپل، بیلنڈا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

فرد واحد کی خاطر فیصلے نہیں مان سکتے، سپہ سالار منصب بارے رہنمائی لیں، فضل الرحمان

ہارڈ سٹیٹ سے گھٹن پیدا ہوگی، لوگ متنفر ہو جائیں گے، ہمیں رویوں میں تبدیلی لانی ہوگی، سربراہ جے یو آئی (ف)

ہم نے جوائنٹ اپوزیشن کی بات کی، آدھے گھنٹے میں سینیٹ، اسمبلی سے قانون پاس ہوگیا، پشاور میں کنونشن میں خطاب

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ فرد واحد کی خاطر فیصلے نہیں مان سکتے، میں ادب واحترام سے اپنے سپہ سالار سے عرض کرنا چاہوں گا کہ اس منصب کے حوالے سے کچھ رہنمائی لیں، ہمیں رویوں میں تبدیلی لانی ہوگی۔ پشاور میں جے یو آئی کے کنونشن میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے جوائنٹ اپوزیشن کی بات کی، آدھے گھنٹے میں سینیٹ اور قومی اسمبلی سے قانون پاس ہوگیا، ہماری میٹنگیں اپوزیشن کیساتھ موجودہ صورتحال پر رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہارڈ اسٹیٹ سے گھٹن پیدا ہوگی، لوگ متنفر ہو جائیں گے، میں ادب واحترام سے اپنے سپہ سالار سے عرض کرنا چاہوں گا کہ اس منصب کے حوالے سے کچھ رہنمائی لیں، ہمیں رویوں میں تبدیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

جماعت اسلامی کا 12 ربیع الاول کے بعد ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان

حکمرانوں نے عوام کے چولہے ٹھنڈے کر دیئے، خواتین غیر محفوظ ہیں، امیر جماعت اسلامی

حکمران ڈھٹائی ختم کریں، عوام کو سہولت دیں، لاہور میں خواتین کے جلسہ سے خطاب

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر خواتین کے جلسہ سے خطاب کر رہے

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے پنجاب حکومت کو خواتین کے تحفظ، تعلیم، صحت اور روزگار سمیت عوامی مسائل حل کرنے میں ناکام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکمرانوں نے عوام کے چولہے ٹھنڈے کر دیے، بچوں کی تعلیم مشکل بنا دی اور خواتین کو غیر محفوظ معاشرے کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے، اب حکومت کو اپنی ڈھٹائی ختم کرنا ہوگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ پٹرولیم لیوی ختم ہونے تک دھرنا ختم نہیں ہوگا، مطالبات تسلیم نہ کیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

CDA ڈیزائن ویٹنگ کمیٹی اجلاس، کمرشل بلڈنگ پلان منظوریوں کا جائزہ

40 میں سے 8 کیسز ضروری تقاضوں کے پورے نہ ہونے کے باعث واپس

اسلام آباد: (راجہ جاوید سے) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی ڈیزائن ویٹنگ کمیٹی کے گزشتہ چار اجلاسوں میں کمرشل بلڈنگ پلان منظوریوں کا جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق، کمرشل بلڈنگ پلان کے 40 کیسز میں سے 8 کیسز دستاویزات اور ضروری تقاضوں کے پورے نہ ہونے کے باعث آرکیٹیکٹس اور سپانسرز نے ازخود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

بیت المال کا وسیع تر وژن جامع معاشی ترقی کے قومی مقصد سے ہم آہنگ، شاہین بٹ

بیت المال کے زیراہتمام خواتین کی تیار کردہ مصنوعات کی نمائش، مینجنگ ڈائریکٹر نے افتتاح کیا

خواتین کے لیے پائیدار معاشی مواقع پیدا کرنے کیلئے اداروں اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے درمیان مؤثر شراکت داری ناگزیر

اسلام آباد (راجہ جاوید اختر) پاکستان بیت المال کے مینجنگ ڈائریکٹر سینیٹر کیپٹن شاہین خالد بٹ نے پاکستان بھر میں قائم ویمن ایمپاورمنٹ سینٹرز کی زیرتربیت خواتین کی جانب سے تیار کردہ مختلف نوعیت کی مصنوعات کی نمائش کا افتتاح کیا۔ پاکستان بیت المال نے وزیراعظم یوتھ پروگرام اور النسا دستکاری اسکول کے اشتراک سے دو روزہ نمائش (23 تا 24 اگست) ایوان قائد، ایف-9 پارک، اسلام آباد میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ایم ڈی بیت المال سینیٹر کیپٹن شاہین خالد اور روانڈا کی سفیر نمائش میں سٹال کا معائنہ کر رہے ہیں

اسلام آباد میں ایس سی او سربراہ اجلاس 2027 کی تیاریاں

پاکستان کے قومی کوآرڈینیٹر نے رکن ممالک کے سفیروں سے ملاقات کی

اسلام آباد (پ ر) پاکستان 2027 میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہانِ مملکت کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی میزبانی کی تیاریاں کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان کے قومی کوآرڈینیٹر برائے ایس سی او امور، ممتاز سفارتکار سفیر ڈاکٹر محمد فیصل نے رکن ممالک کے سفیروں کو مدعو کر کے اجلاس سے متعلق امور پر مشاورت کی۔ اجلاس میں پاکستان میں تعینات ایس سی او اور رکن ممالک کے سفیروں، قائم المقام سفیروں اور وزارت خارجہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

مکہ معاہدہ پاکستان کیلئے علاقائی توازن کا ذریعہ قرار

باہمی دفاعی معاہدے کو ایران مخالف اتحاد قرار دینا درست نہیں، امریکی جریدہ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) مکہ باہمی دفاعی معاہدہ پاکستان کیلئے سٹریٹجک وسعت اور علاقائی توازن کا ذریعہ قرار دے دیا گیا۔ امریکی جریدے ایف پی آئی ایف کے مطابق مکہ باہمی دفاعی معاہدے کو ایران مخالف اتحاد قرار دینا درست نہیں، معاہدہ بدلتے مشرق وسطیٰ میں علاقائی طاقتوں کے بڑھتے ہوئے کردار کی عکاسی کرتا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

چلی کا تہران میں اپنا سفارت خانہ بند کرنے کا اعلان

سنتیاگو (آئی این پی) چلی کی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ وہ 31 اگست سے ایران میں اپنا سفارت خانہ بند کر دے گی، تاہم اس بات پر زور دیا ہے کہ اس فیصلے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ٹرمپ کی دھمکی پرانی فلم، ہم کئی بار دیکھ چکے: عباس عراقچی

دھمکیوں، پابندیوں سے خوفزدہ نہیں، امریکا کی تمام چالیں ناکام ہو چکی ہیں

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ٹرمپ کی معاشی جنگ وہی پرانی امریکی غنڈہ گردی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ٹرمپ کی دھمکی پرانی فلم ہے، ہم کئی بار دیکھ چکے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکی دھمکیوں کا مقابلہ کرنا جانتے ہیں، ہم دھمکیوں، پابندیوں سے خوفزدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

اسحاق ڈار آج سے برطانیہ کا سرکاری دورہ کرینگے

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار (آج) 24 سے 28 اگست تک برطانیہ کا سرکاری دورہ کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دورہ برطانیہ کے دوران نائب وزیراعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

خیرپور میں لڑکی اور انجنیئر سمیت 5 افراد قتل

ڈاکوؤں نے دو پولیس اہلکاروں کو بھی لوٹ لیا، سرکاری اسلحہ بھی چھین لیا

خیرپور (صباح نیوز) خیرپور اور گردونواح میں بدامنی اور لاقانونیت کی وجہ سے 12 گھنٹوں میں 5 افراد کو قتل اور ایک کو زخمی کر دیا گیا، کوٹ ڈیجی کے قریب پرانی قومی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

میر رضا کیس، سندھ کابینہ کا جوڈیشل انکوائری کروانے کا فیصلہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) نوجوان تاجر میر رضا کیس میں حکومت سندھ کی جانب سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ سندھ کابینہ نے جوڈیشل انکوائری کروانے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

چیئرمین سینیٹ سے اعلیٰ سطحی قطری وفد کی ملاقات

وفد کا پرتپاک خیرمقدم، تجارت اور سرمایہ کاری روابط مزید مستحکم بنانے پر زور

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے قطر کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کی، جس کی قیادت قطر کی ممتاز کاروباری شخصیت اور شاہی خاندان کے سینئر رکن، شیخ نائف بن عید آل ثانی نے کی۔ چیئرمین سینیٹ نے وفد کا پرتپاک خیرمقدم کرتے ہوئے پاکستان اور قطر کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو اجاگر کیا۔ چیئرمین سینیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی سیرت النبیؐ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

یونیورسٹی آف ہری پور کانووکیشن کیلئے آن لائن رجسٹریشن شروع

کانووکیشن کی تقریب اکتوبر 2026 کے آخری ہفتے میں منعقد ہونے کا امکان

چارسدہ (نمائندہ شہرنامہ) یونیورسٹی آف ہری پور کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عابد فرید کی منظوری سے یونیورسٹی کی 6ویں کانووکیشن 2026 کے لیے آن لائن رجسٹریشن کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ کانووکیشن کی تقریب اکتوبر 2026 کے آخری ہفتے میں منعقد ہونے کا امکان ہے، جس میں فال 2025 اور اسپرنگ 2026 میں اپنی ڈگریاں مکمل کرنے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

پشاور، سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

مکہ معاہدے میں شمولیت کی دعوت دی گئی، ایران

خطے کے ممالک علاقائی سکیورٹی چھتری کے قیام کی جانب بڑھ رہے ہیں، مہدی رحیمی

تہران (آئی این پی) ایران کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے مکہ دفاعی معاہدے میں ایران کو بھی شمولیت کی دعوت دی گئی ہے، تاہم دیگر تینوں ممالک کی جانب سے تاحال اس کی باضابطہ تصدیق نہیں کی گئی۔ ایرانی پارلیمنٹ کی نیوز ایجنسی کے سربراہ مہدی رحیمی نے قطری نشریاتی ادارے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ہسپتال منتقلی کا حکم، انتظامیہ کی نظرثانی کی جلد سماعت کی درخواست

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف کمشنر اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی عمران خان سے متعلق سپریم کورٹ کے 18 اگست کے حکم کے خلاف جلد سماعت کی درخواست دائر کر دی۔ ریویو پٹیشن میں 18 اگست کے عدالتی حکم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

مہنگی منگوائی گئی چینی سستی برآمد کرنے کی اجازت

قومی خزانے کو اربوں روپے کا نقصان، فیصلہ مایوس کن ہے: ذرائع

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزارت پیداوار کی مہنگی منگوائی گئی چینی سستی برآمد کرنے کی اجازت دے دی گئی۔ ذرائع وزارت پیداوار کے مطابق اس فیصلے سے قومی خزانے کو اربوں روپے کا نقصان ہوگا، ڈھائی لاکھ ٹن مقامی سستی چینی برآمد کرنے کا فیصلہ نہ ہوسکا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایک لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کا فیصلہ مایوس کن ہے۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

جاں بحق ڈاکٹر اسماء کی لاش لانے کا آپریشن موخر

اسلام آباد (آئی این پی) قراقرم کے اسپانٹک پہاڑ پر جاں بحق ہونے والی ڈاکٹر اسما مشتاق کی لاش کیمپ تھری سے بیس کیمپ منتقل کرنے کا ریسکیو آپریشن شدید موسم کے باعث موخر کر دیا گیا۔ وزیر اطلاعات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے سینیٹر محمود الحسن ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، راولپنڈی میں طوفانی بارش، نشیبی علاقے زیرآب، پانی گھروں میں داخل

متعدد علاقوں میں بجلی فراہمی متاثر، نشیبی علاقوں میں عملہ پانی کی نکاسی کیلئے ہیوی مشینری کے ساتھ موجود رہا

راولپنڈی میں رین ایمرجنسی نافذ، واسا کا عملہ اور ہیوی مشینری تعینات کر دی گئی، متعدد علاقوں میں بجلی فراہمی بھی متاثر

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد اور راولپنڈی میں تیز ہوا اور گرج چمک کے ساتھ بارش، نشیبی علاقے زیرآب، پانی گھروں میں داخل ہوگیا۔ اسلام آباد اور راولپنڈی میں تیز بارش سے نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہوگیا۔ مجموعی طور پر 66 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، کٹاریاں میں پانی کی سطح 15 فٹ، گوالمنڈی میں 14 فٹ ریکارڈ، راولپنڈی میں رین ایمرجنسی نافذ کر کے واسا کا عملہ اور ہیوی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے مختلف وفود کی ملاقاتیں

سینیٹ ملک کی تمام وفاقی اکائیوں کی مساوی نمائندگی کا آئینی فورم ہے، گفتگو

اسلام آباد، (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے چیئرمین سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے چیئرمین سینیٹر سلیم مانڈوی والا، قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کے چیئرمین سینیٹر رانا محمود الحسن، سینیٹر ندیم بھٹو، سابق صوبائی وزیر سردار اسد ناصر، بلوچستان اسمبلی کے رکن و سابق صوبائی وزیر امیر غلام دستگیر بادینی، چاروں صوبوں، آزاد کشمیر اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

رانا تنویر کی اپوزیشن کو مذاکرات کی پیشکش، PTI کو جمہوری طریقہ اپنانے کا مشورہ

حکومت مذاکرات پر یقین رکھتی ہے اور وزیراعظم شہباز شریف ماضی میں بھی اپوزیشن کو پیشکش کر چکے ہیں، وفاقی وزیر

بھارت نے ایک بار پھر پاکستان مخالف بیانیہ اور پروپیگنڈا شروع کیا، جس کا منہ توڑ جواب دیا ہے، میڈیا سے گفتگو

مریدکے (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ حکومت مذاکرات پر یقین رکھتی ہے اور وزیراعظم شہباز شریف ماضی میں بھی اپوزیشن کو مذاکرات کی پیشکش کر چکے ہیں، پی ٹی آئی کو اب سمجھ لینا چاہیے کہ سیاست میں جمہوری طریقہ اپنایا جائے۔ مریدکے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف پٹرولیم مصنوعات کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

کراچی، صدر مسلم لیگ ن سندھ بشیر میمن جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی میں خاتون بہیمانہ قتل، آصفہ بھٹو کا اظہار افسوس

واقعہ کی مکمل تحقیقات، ذمہ دار افراد کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے، آصفہ بھٹو

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی میں تھانہ سول لائنز کے علاقے میں 45 سالہ خاتون حنا جاوید کو بے دردی سے قتل کر دیا گیا جس پر خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 45 سالہ حنا جاوید کی لاش صبح لال کرتی کے اپارٹمنٹ کے باتھ روم سے برآمد ہوئی، واقعہ کی ایف آئی آر حنا جاوید کے بھائی فہد جاوید کی مدعیت میں تھانہ سول لائن میں درج ہوئی۔ خاتونِ اول آصفہ بھٹو زرداری کا راولپنڈی میں حنا جاوید کے مبینہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

شانگلہ این ڈی ایم اے کے حکام کول مائن ورکرز کی فیملیز میں چیک تقسیم کر رہے ہیں

پختونخوا میں موسلا دھار بارشیں، لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ

دیر بالا اور لوئر کے علاقوں میں طوفانی بارشوں کے باعث ندی نالوں میں طغیانی

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبرپختونخوا کے مختلف اضلاع میں موسلا دھار بارشوں کے باعث پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے جبکہ کئی علاقوں میں سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اتوار کے روز دیر، سوات، کوہستان، مالاکنڈ، شانگلہ، چترال، بٹگرام اور بونیر میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ خیبر، باجوڑ، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

فتنہ الہندوستان سے اہلخانہ کی لاتعلقی کا سلسلہ جاری

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) فتنہ الہندوستان کی شرپسند کارروائیوں کے باعث انکے خاندان والے بھی نفرت اور لاتعلقی کا اظہار کر رہے ہیں۔ فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والی دہشت گرد لائبہ نذر سے اہلخانہ نے مکمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

راولپنڈی، سول لائنز میں گھر سے خاتون کی نعش برآمد

قتل کا مقدمہ درج، شوہر اور گھریلو ملازم سے تفتیش شروع کردی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): سول لائنز کے علاقے میں گھر سے خاتون کی نعش ملنے کے معاملہ پر مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں قتل کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس نے مقتولہ کے شوہر اور گھریلو ملازم کو تحویل میں لے کر تفتیش شروع کر دی ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ کی تفتیش سینئر افسران کی زیرنگرانی میرٹ پر کی جا رہی ہے جبکہ واقعہ کے تمام پہلوؤں اور مختلف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں 100 سے 150 روپے فی کلو اضافہ

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ دکانداروں کے مطابق 2 ہفتوں میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں 100 سے 150 روپے فی کلو کا اضافہ ہوا ہے جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

ایپل کا بھی پاکستان میں اپنا دفتر کھولنے کا امکان

پاکستان میں ایپل کے دفتر کا امکان مثبت پیشرفت ہوگا، امریکی قونصل جنرل

اسلام آباد (آئی این پی) ٹیکنالوجی کمپنی گوگل کے بعد ایپل کے بھی پاکستان میں اپنا دفتر کھولنے کے امکانات پیدا ہو گئے۔ امریکی قونصل جنرل اسٹیشن سینڈرز نے لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ایپل بھی پاکستان میں اپنا ایک دفتر قائم کرے گا، جو ملک میں ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال کو اجاگر کرے گا۔ امریکی قونصل جنرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

افواجِ پاکستان کے نظم و نسق میں تبدیلیاں وقت کی اہم ضرورت

قومی اسمبلی اور سینیٹ نے جمعرات کے روز پاکستان دفاعی افواج ایکٹ 2026ء اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی (ترمیمی) بل 2010ء کثرتِ رائے سے منظور کر لئے جن کا نفاذ 13 نومبر 2025ء سے ہوگا۔ قومی اسمبلی میں دونوں بِل وزیر دفاع خواجہ آصف نے ضمنی ایجنڈے کے ذریعے پیش کیے۔ یہ بِل 27ویں آئینی ترمیم کے تسلسل میں تیار کیے گئے تاکہ چیف آف ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) اور اُن کے ہیڈکوارٹر سے متعلق انتظامی امور کا تعین کیا جا سکے۔ اِس نئے قانون کے تحت ڈیفنس فورسز ہیڈکوارٹر قائم کیا جائے گا جو مسلح افواج کے مشترکہ ہیڈکوارٹر کے طور پر کام کرے گا اور چیف آف ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) کی کمان اور اختیارات کے تحت اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے گا۔ ڈیفنس ہیڈکوارٹر قومی سلامتی، دفاع اور مسلح افواج سے متعلق تمام امور میں وزیراعظم کا اعلیٰ فوجی مشیر بھی ہوگا۔ اِس نئے قانون میں سب سے اہم عہدہ چیف آف ڈیفنس فورسز کا ہوگا جن کے پاس تینوں سروسز (بری، بحری اور فضائیہ) کی آپریشنل کمانڈ، کنٹرول اور مرکزی کوآرڈینیشن کا اختیار ہوگا۔ سی ڈی ایف مختلف شعبوں میں فوجی انضمام، کثیر الجہتی ہم آہنگی اور مشترکہ کارروائیوں کی نگرانی کریں گے جبکہ اپنے کمانڈ اینڈ کنٹرول کے حوالے سے وہ براہِ راست وفاقی حکومت کو جوابدہ ہوں گے۔ یہ قانون مسلح افواج سے متعلق تمام دیگر قوانین پر غالب ہوگا جبکہ موجودہ قوانین، قواعد و ضوابط اور احکامات اُس حد تک نافذ رہیں گے جس تک کہ وہ نئے قانون سے متصادم نہ ہوں۔ اِس قانون کی رو سے چیف آف ڈیفنس فورسز کو یہ اختیار بھی حاصل ہوگا کہ وہ مسلح افواج سے متعلق قوانین کے مطابق کسی شخص کو ملازمت سے ریٹائر، سبکدوش یا برطرف کر سکیں، وہ استعفیٰ منظور یا مسترد کرنے کے علاوہ ملازمت کی مدت یا ریٹائرمنٹ کی عمر میں کمی کرنے کے بھی مجاز ہوں گے تاہم آئین کے آرٹیکل 243 کے تحت مقرر کیے جانے والے عہدیدار اِس دائرہ اختیار سے مستثنیٰ ہوں گے۔ اِس کے علاوہ سی ڈی ایف وفاقی حکومت کی تفویض کردہ دیگر اختیارات اور فرائض بھی سرانجام دیں گے جبکہ وفاقی حکومت ایکٹ کو مؤثر بنانے کے لئے قواعد و ضوابط وضع کرے گی۔ اگر اِس ایکٹ پر عملدرآمد میں کوئی دشواری یا کسی دوسرے نافذ العمل ایکٹ کے ساتھ عدم مطابقت پیش آئے تو صدرِ مملکت اس مشکل کا ازالہ کریں گے۔ ظاہر ہے یہ وزیراعظم کی ایڈوائس کے تابع ہوگا۔

قومی اسمبلی اور سینیٹ سے منظور شدہ نیشنل کمانڈ اتھارٹی (ترمیمی) بل 2010ء کے تحت نیشنل کمانڈ اتھارٹی کی تشکیل میں ترمیم کرتے ہوئے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کا عہدہ ختم کر دیا گیا جبکہ نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ میں ”چیف آف ڈیفنس فورسز کنکرنٹلی“ کے الفاظ شامل کیے گئے۔ وفاقی کابینہ نے پہلے ہی اِس ترمیم کی منظوری دے دی تھی کیونکہ یہ 27ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے بعد انتظامی طور پر ایک ضروری عمل تھا۔ قومی اسمبلی میں دونوں بلوں پر سپیکر نے شق وار منظوری لی۔ اجلاس کے دوران وزیراعظم شہباز شریف بھی ایوان میں موجود تھے۔ اپوزیشن نے ضمنی ایجنڈے کے ذریعے بل پیش کرنے کی شدید مخالفت کی اور موقف اختیار کیا کہ اُنہیں کاپیاں فراہم نہیں کی گئیں جبکہ اِس اہم قانون سازی پر بحث کے لئے کم از کم دو سے تین دن ملنے چاہئیں تھے۔ اپوزیشن نے ووٹنگ کے عمل کا بائیکاٹ کیا اور ایوان سے احتجاجاً واک آؤٹ کر گئی جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے دفاعی افواج ایکٹ 2026ء اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ میں ترمیم کے بل کی حمایت کے باوجود حکومت کی طرف سے اپوزیشن اور اتحادیوں کو اعتماد میں نہ لینے اور عجلت میں پیش کرنے پر اعتراض بھی کیا۔ سینیٹ اجلاس میں جب اِن تحاریک کو پیش کیا گیا تو حکومت کی طرف سے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے اپوزیشن کے عائد کردہ الزامات کا دفاع کرتے ہوئے وضاحت کی کہ دونوں بلوں میں معمولی ترامیم کی گئی ہیں۔ اُنہوں نے واضح کیا کہ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کا دفتر ختم کر کے نیشنل کمانڈ اتھارٹی کو دیا گیا ہے اور آرمی چیف کے دفتر کے اختیارات چیف آف ڈیفنس فورسز کو منتقل کیے گئے ہیں۔ وزیر قانون نے اپوزیشن کے اعتراضات کو یہ کہہ کر مسترد کر دیا کہ اِن بلوں میں ایسا کون سا پیچیدہ ریاضی کا فارمولہ ہے جس پر حزبِ اختلاف کو الگ سے بیٹھ کر غور کرنے کی ضرورت ہو۔ بلوں کے مقاصد اور وجوہ بیان کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں افواجِ پاکستان نے اِسی کوآرڈینیشن اور باہمی تعاون کے ساتھ جنگ لڑی اور اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو فتح عطاء کی، ترمیم یقینی بناتی ہے کہ تینوں مسلح افواج اسی اشتراکِ عمل کو برقرار رکھیں۔ معرکہ حق قومی طاقت کے تمام عناصر اور پاکستانی عوام کی بھرپور حمایت کے درمیان مؤثر ہم آہنگی کی ایک شاندار مثال رہا ہے اور اِسی کی بدولت قومی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کو درپیش خطرات کا کامیابی سے مقابلہ کیا گیا۔

مذکورہ قانون اور ترمیم افواجِ پاکستان کی مشترکہ کمانڈ کے لحاظ سے نہایت اہم ہے، اِس حوالے سے حکومتی موقف اِس کی حساسیت اور نوعیت پر واضح دلیل ہے۔ جدید دور کے نت نئے خطرات اور ہائبرڈ وارفیئر کے پیشِ نظر افواجِ پاکستان کے نظم و نسق میں بتدریج تبدیلیاں وقت کی اہم ضرورت ہیں کیونکہ یہی ارتقاء کسی بھی ملک کو معاصر چیلنجوں سے مؤثر طور پر نبرد آزما ہونے کی صلاحیت اور قوت عطاء کر سکتا ہے۔ اگر تاریخی تناظر میں دیکھا جائے تو کسی بھی لشکر کی طاقت اور کمان کو ہمیشہ ایک ہی مرکزی نقطے پر مجتمع رکھا جاتا تھا جو جنگی حکمتِ عملی اور فتح کے حصول میں نہایت کارگر تھا۔ امریکہ اور برطانیہ کے علاوہ بھی بعض دیگر ممالک میں یہی ماڈل رائج ہے۔ مشترکہ کمان جنگ یا کسی بھی قومی بحران کی صورت میں تینوں سروسز کو الگ الگ حکمتِ عملی وضع کرنے کے بجائے ایک یکجا اور مربوط نظم فراہم کرتی ہے جس کی بدولت دشمن پر حتمی اور کاری ضرب لگائی جا سکتی ہے جیسا کہ حالیہ ”معرکہ حق“ کے دوران بھی دیکھنے میں آیا اور جس کی طرف وزیر قانون نے ایوانِ نمائندگان میں اپنی تقریر کے دوران واضح اشارہ بھی کیا۔ مذکورہ تبدیلیاں افواجِ پاکستان کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بہتر انداز میں ادا کرنے کے لئے ناگزیر قرار دی جا رہی ہیں، اس پر بحث کئے بغیر یہ کہا جا سکتا ہے اِس میں بہت زیادہ بحث کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ افواجِ پاکستان نے نہ صرف اپنے نظم بلکہ اپنی کامیابیوں سے ثابت کیا ہے کہ وہ دنیا کی بہترین افواج میں اونچے درجے پر ہیں۔ حالیہ تبدیلیوں کے ذریعے فیصلے کرنے کے اختیار کو ایک جگہ مرتکز کیا گیا ہے توقع کی جانی چاہئے کہ اس سے دفاعی صلاحیتوں میں یقیناً اضافہ ہو۔ اس کے بعد وزارت دفاع کے کردار کا بھی ازسرِنو جائزہ لیا جانا چاہئے

وزیراعظم کی مذاکرات کی پیشکش!

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپوزیشن کو مذاکرات کی ایک بار پھر پیش کش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ کتنا جلد تعمیری بات چیت کے لئے تیار ہوتی ہے۔ گذشتہ روز اسلام آباد میں وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی اور جمہوریت کو تقویت دینے کے لئے ہمیں معاملات کو مل بیٹھ کر طے کرنا ہوگا۔ ان کے بقول عام آدمی کو ریلیف دینا حکومت کی اولین ترجیح ہے اس لئے جہاں سے بھی ممکن ہوگا حکومت بچت کر کے عام آدمی کو ریلیف دے گی۔ یہ امر واقع ہے کہ موجودہ اتحادی حکومت کو خلیجی جنگ کے باعث خطے میں پیدا ہونے والی کشیدہ فضا میں ملکی سلامتی اور گورننس سے متعلق بڑے چیلنجوں کا سامنا ہے جن سے عہدہ برا ہونے کے لئے ملک کے اندر سیاسی استحکام کی زیادہ ضرورت ہے۔ اگرچہ ملکی معیشت کو درپیش چیلنجوں سے عہدہ برا ہونے کے لیئے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادتوں نے باہم یکجہت ہو کر اصلاحات کے اقدام اٹھانے کا عزم باندھا ہوا ہے اور اس ہائبرڈ سسٹم کی بنیاد پر قومی سیاست و معیشت میں سب اچھا کی تصویر دکھانے کی کوشش کی جا رہی ہے تاہم فروری 2024ء کے انتخابی نتائج کو بنیاد بنا کر اپوزیشن جماعتوں بالخصوص پی ٹی آئی کی جانب سے حکومت کے خلاف عوامی احتجاجی تحریک کی فضا بنانے کی گذشتہ دو سال سے کوششیں جاری ہیں جس سے ملک میں سیاسی عدم استحکام کا تاثر پختہ ہو سکتا ہے۔ اس کے لئے عوام کے بڑھتے غربت، مہنگائی، بے روزگاری اور توانائی کے بحران کے مسائل بھی اپوزیشن کی تحریک کے لئے فضا سازگار بنا رہے ہیں اور اپنے مسائل پر مضطرب عوام کو اپوزیشن کے لئے اپنی تحریک میں سڑکوں پر لا کر شامل کرنا آسان ہو سکتا ہے۔ جماعت اسلامی کو یقیناً انہی حالات کے باعث حکومت مخالف احتجاجی مظاہروں، دھرنوں اور لانگ مارچ کا اعلان کرنے کا موقع ملا ہے۔ اس کے علاوہ حکومت کے لئے سب سے مشکل یہ صورت حال پیدا ہوئی ہے کہ امور حکومت سے متعلق مختلف ایشوز پر حکومتی اتحادی پیپلز پارٹی کی جانب سے تحفظات کا اظہار سامنے آنے لگا جبکہ گلگت، بلتستان اور پھر آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات کے موقع پر تو پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے مابین سیاسی محاذ آرائی اور بلیم گیم کا سلسلہ انتہاء کو جا پہنچا جس سے لامحالہ سسٹم میں عدم استحکام کا تاثر اجاگر اور پختہ ہوا چنانچہ سسٹم کے ناکارہ ہونے کی آوازیں اقتدار کے ایوانوں کے اندر سے بھی اٹھتی نظر آنے لگیں۔ اگرچہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے اپنے بیان کی وضاحت کے بعد موجودہ سسٹم کے دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کا حکومتی حلقوں کی جانب سے تاثر دیا جا رہا ہے تاہم سسٹم کے حوالے سے ”سب اچھا“ والی صورت حال اس وقت بھی موجود نظر نہیں آ رہی اور وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے اپوزیشن کو ایک بار پھر مذاکرات کی دعوت اسی حقیقت کی غمازی کرتی ہے کہ سب اچھا ہرگز نہیں ہے۔ بے شک سیاسی معاملات محاذ آرائی، الزام تراشی اور بیان بازی سے نہیں بلکہ گفت و شنید اور باہمی افہام و تفہیم سے ہی حل ہو سکتے ہیں۔ یہ خوش آئیند صورت حال ہے کہ خود وزیراعظم شہباز شریف نے معاملہ فہمی سے کام لے کر اپوزیشن کو دوبارہ مذاکرات کی دعوت دی ہے۔ وزیراعظم کی یہ پیشکش ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ملک کو سیاسی کشیدگی کم کرنے، گورننس بہتر بنانے اور جمہوری نظام پر عوام کا اعتماد بحال کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

بے شک جمہوریت کا حسن ہی اختلافِ رائے میں ہے۔ حکومت اور اپوزیشن کا الگ الگ سیاسی مؤقف رکھنا کوئی غیر معمولی بات نہیں، لیکن اختلافات کو مستقل محاذ آرائی میں تبدیل کر دینا جمہوری نظام کے لئے اچھے نتائج ہرگز نہیں لا سکتا۔

سیاسی اختلاف اپنی جگہ، مگر ریاست اور جمہوری نظام کی بقاء و استحکام سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس حقیقت کو بہر صورت نظرانداز نہیں کیا جا سکتا کہ اس وقت گورننس بہتر نہ ہونے کے باعث جمہوری نظام کی کارکردگی پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ عوام کو روزمرہ زندگی میں جس نوعیت کے مسائل کا سامنا ہے، ان کے حل کے لئے محض سیاسی بیانات کافی نہیں۔ حکومت کو اپنی کارکردگی سے ثابت کرنا ہوگا کہ جمہوری نظام عوام کو بہتر طرز حکمرانی، قانون کی بالادستی، معاشی مواقع اور بنیادی سہولتیں فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اگر اچھی حکمرانی کا فقدان رہے اور سیاسی قیادتیں ایک دوسرے کو موردِ الزام ٹھہراتی رہیں تو اس سے یقیناً جمہوری نظام پر عوامی اعتماد بھی متاثر ہوگا۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ حکومت اور اپوزیشن جمہوریت کی گاڑی کے دو پہیئے ہیں جو باہم سبک خرام رہیں تو سسٹم کی گاڑی ٹریک پر چڑھی رہے گی اور اس کے ثمرات اس سے وابستہ سیاسی جماعتوں کے علاوہ عوام کو بھی منتقل ہوتے رہیں گے جبکہ عوام کا سسٹم پر اعتماد بھی پختہ ہوگا تاہم حکومت اور اپوزیشن ایک دوسرے کے ساتھ فاصلے بڑھائے گی تو غیر جمہوری عناصر کو پہلے کی طرح سسٹم کی بساط لپیٹنے کا نادر موقع ہی ملے گا۔ آج اپوزیشن جماعتیں ہی نہیں، اپنے اپنے سیاسی مفادات کے تحت حکومتی اتحادی جماعتیں بھی ایک دوسرے کے گریبان میں جھانکتی اور باہم سر پھٹول کرتی نظر آتی ہیں جو سسٹم کے استحکام کے کوئی اچھا شگون نہیں۔

بے شک ملک کو اس وقت سیاسی استحکام کے ساتھ ساتھ معاشی ترقی اور مؤثر گورننس کی بھی ضرورت ہے۔ اس کے لئے تمام سیاسی قوتوں کو ایک دوسرے کے وجود اور آئینی کردار کو تسلیم کرتے ہوئے آگے بڑھنا ہوگا۔ حکومت اگر مذاکرات کا دروازہ کھولتی ہے تو اسے اپوزیشن کو سنجیدگی، تحمل اور کشادہ دلی کے ساتھ مذاکرات کی میز تک لے جانا چاہیئے چاہیئے اور اپوزیشن کو بھی اس موقع کو ضائع نہیں کرنا چاہیئے۔ سیاسی اختلافات تو یقیناً ختم نہیں کئے جا سکتے کیونکہ سیاسی دکانداری چمکانے کا یہ لازمی جزو ہوتے ہیں تاہم سیاسی اختلافات کو مہذب، آئینی اور جمہوری دائرے میں ضرور رکھا جا سکتا ہے جس کی آج ضرورت بھی ہے۔

کرپشن کیسے ختم ہو؟

میرے کرپشن پر لکھے گئے کالم پر بہت سے دوستوں نے اپنے اپنے خیال و انداز کے مطابق تبصرے کئے، ردعمل دیا لیکن کینیڈا کے شہر وینکوور سے خلیل الرحمن خان نے ایک اور ہی تھیسس پیش کیا۔ انہوں نے کہا جب تک پاکستان میں کردار کی بجائے پیسے والے کی عزت کرنے کا چلن ختم نہیں ہوگا، کرپشن ختم نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کینیڈا میں بڑے آدمی کا تصور یہ نہیں کہ وہ دولت مند ہے بلکہ بڑا آدمی وہ ہے جو اپنے ہنر، فن، کام یا کردار کی وجہ سے لوگوں کے دل جیتتا ہے۔ یہاں کسی کو اس بنیاد پر فضیلت یا پروٹوکول نہیں ملتا کہ وہ دولت مند ہے، وہ اپنے پیسے سے بڑا گھر ضرور خرید سکتا ہے، زیادہ اچھے کھانے ضرور کھا سکتا ہے اور مہنگے لباس پہن سکتا ہے مگر اسے ریاست دوسروں کے مقابلے میں صرف پیسے کی وجہ سے کوئی امتیازی حیثیت نہیں دیتی۔ کوئی سپیشل پروٹوکول اسے نہیں ملتا، قانون اس کے لئے بھی وہی ہے جو کسی غریب یا متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والوں کے لئے ہے۔ سڑک پر وہ اپنی گاڑی دندناتے ہوئے نہیں چلا سکتا، اسے بھی قانون کی خلاف ورزی پر اسی طرح جرمانہ ہوتا ہے جیسے دوسروں کو ہوتا ہے۔ گویا گھر کے اندر کوئی کیسا ہی ماحول رکھتا ہو، باہر آ کر اسے ایک ہی قسم کا ماحول ملتا ہے۔ پاکستان میں لوگ ایک ہی صف میں کھڑے ہونے کی صرف باتیں کرتے ہیں، یہاں اس پر عمل ہوتا ہے۔ کینیڈا میں عزت ذلت کے معیار وہ نہیں جو پاکستان میں ہیں، یہاں ایک بار کسی پر قانون توڑنے کا داغ لگ جائے تو ساری زندگی اس کا پیچھا کرتا ہے۔ چاہے وہ کتنا ہی دولت مند ہو۔ کام کرانے کے لئے اسے بھی دفاتر میں اس قانون و قاعدے سے گزرنا ہوگا جو سب کے لئے ہے۔ کسی بھی کورٹ میں پیسے والے اور عام آدمی میں کوئی تفریق نظر نہیں آئے گی اور نہ ہی کسی کو یہ شبہ ہوگا کہ میرے پاس اتنے وسائل نہیں جتنے میرے مخالف کے پاس ہیں اس لئے شاید مجھے انصاف نہ مل سکے۔ جب ریاست اتنے سارے معاملات کو امیر و غریب کے لئے یکساں کر دیتی ہے اور ضمانت بھی دیتی ہے تو لوگ اس بات کو بھول جاتے ہیں کہ انہیں ہر صورت پیسہ بنانا چاہیے تاکہ ایک عزت دار اور محفوظ زندگی گزار سکیں پھر انہوں نے ایک ایسا جملہ کہا جس نے میرے چودہ طبق روشن کر دیئے۔ وہ جملہ یہ تھا ”جہاں ہر چیز برائے فروخت ہوتی ہے، وہاں لوگ پیسہ بنانے کی سوچتے ہیں، پاکستان میں بدقسمتی سے ایسا ہی ماحول بن گیا ہے“۔

میں نے خلیل الرحمن خان کی باتوں پر غور کیا تو انہیں جھٹلانے کی کوئی دلیل نہ مل سکی۔ خلیل الرحمان خان چونکہ ایک بڑے اٹارنی ہیں، اس لئے بات دلیل سے کرتے ہیں اور اس میں زمینی حقائق بھی موجود ہوتے ہیں ذرا غور فرمائیں کہ ہمارے ہاں ایک اچھی بھلی پوسٹ پر موجود افسر بھی کرپشن سے باز نہیں آتا۔ اس کی نفسیات میں غالباً یہ بات بیٹھ گئی ہوتی ہے کہ جب یہ پوسٹ نہیں رہے گی تو پھر مجھے میرا پیسہ یہ عزت دلوائے گا۔ اس وقت جب سرکار کی دی ہوئی سہولتیں ختم ہو جائیں گی، نوکر چاکر اور سیکیورٹی والے نہیں رہیں گے، تو پھر یہ سب کچھ اپنے پیسے سے خریدنا پڑے گا، اس لئے مجھے ہر قیمت پر پیسہ بنانا چاہیے۔ یہ عدم تحفظ کی سوچ بھی ہمارے نظام میں کرپشن کی پنیری کو زندہ رکھتی ہے۔ شروع میں ایک عام سرکاری ملازم اوپر کی کمائی اپنی ضرورتیں پوری کرنے کے لئے کرتا ہے لیکن رفتہ رفتہ جب اس سے اس کا لائف سٹائل شاہانہ بن جاتا ہے تو وہ اس کا قیدی بن جاتا ہے۔

اسے یہ دھیان رہتا ہے کہ وہ یا اس کا بچہ بیمار ہو گئے تو کسی نے اس کا علاج نہیں کرنا کیونکہ یہاں ریاست اس کی ذمہ داری نہیں لیتی، اسے یہ بھی فکر کھائے جاتی ہے کہ بُرا وقت آیا تو کسی نے ساتھ نہیں دینا، یہ پیسہ ہی کام آئے گا پھر یہ ہمارا نظام بھی سرکاری ملازموں کو ایسی ترغیب دیتا ہے۔ کئی مناصب ایسے ہوتے ہیں کہ وہاں دو چار سال مل جائیں تو دولت کے انبار لگ جاتے ہیں ایسی پوسٹیں، ایک دو بار ہی ملتی ہیں اس لئے تعینات ہونے والے افسر اور کلرک اس نفسیاتی دباؤ کے زیر اثر ہوتے ہیں کہ وقت کم ہے جتنے زیادہ سے زیادہ پیسے بنائے جا سکتے ہیں بنا لئے جائیں۔ یہ نفسیات جب اوپر سے نیچے تک پیدا ہو جائے تو آپ نیب بنا لیں یا انٹی کرپشن کا محکمہ، ایف آئی اے کو استعمال کریں یا پولیس کو رشوت کا کلچر ختم نہیں ہو سکتا پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جب یہ احساس بھی موجود ہو، پیسہ دے کر چھوٹ جائیں گے، کیس ختم کرا لیں گے تو کون بہتی گنگا میں ہاتھ دھونے سے چوکتا ہے۔ جہاں نیب نے پلی بارگین کا نظام اپنایا ہوا اور ایک ارب کی کرپشن کرنے والا پچاس کروڑ کی پلی بارگین کر کے چھوٹ جاتا ہو وہاں کرپشن چھوڑ کر ایماندار بننے جیسا راستہ کفرانِ نعمت ہی سمجھا جائے گا۔ جسم پر پھوڑا نکل آئے تو اس کا ایک علاج تو سرجری ہوتا ہے، لیکن دائمی علاج نہیں کیونکہ پھوڑا کہیں اور نکل آتا ہے۔ دائمی علاج یہ ہے کہ جو عوامل فسادِ خون کا باعث بن رہے ہیں ان کا علاج کیا جائے، جب نظام میں کرپشن رچ بس گئی ہے تو فرشتے کیسے تلاش کئے جا اور وہ مل بھی کیسے سکتے ہیں۔ جب کرپشن کو روکنے والے بھی اس کی زلف کے اسیر بن جائیں گے تو اس پر کیسے قابو پایا جا سکتا ہے۔ سب سے پہلے تو معاشرے میں قانون کی عملداری کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ یہ جو ہم نے قانون کی طبقاتی تقسیم کر رکھی ہے، امیروں کے لئے اور ہے غریبوں کے لئے اور اس نے بھی اس احساس کو جنم دیا ہے کہ دولت کمائی جائے مشکل وقت میں کام آئے گی۔



کلامِ اقبال

تو شناسائے خراشِ عُقدۂ دل نہیں
اے گُلِ رنگیں ترے پہلو میں شاید دل نہیں
زیبِ محفل ہے، شریکِ شورشِ محفل نہیں
یہ فراغت بزمِ ہستی میں مجھے حاصل نہیں
(بانگِ درا)



فرموداتِ قائد

پاکستان قائم رہنے کیلئے بنا ہے اور ہمیشہ قائم رہیگا لیکن دو آزاد، مساوی اور خودمختار مملکتوں کی حیثیت میں ہم بھارت سے دوستی یا معاہدہ کرنے پر ہمیشہ تیار ہیں، جس طرح کہ ہم دنیا کے اور ملکوں سے معاہدے کر سکتے ہیں۔
(رائٹر کے نمائندے سے انٹرویو 25 اکتوبر 1947ء)

مجھے کچھ کہنا ہے، آپ سے، محترمہ!

سیاست اور جنگ ساتھ ساتھ چل رہے ہیں ان کی وجہ سے حقیقی عوامی مسائل بھی پیچھے رہ جاتے ہیں۔ آج تو مجھے اسی بارے کچھ کہنا ہے کہ حکومت کی بھرپور کوشش اور توجہ کے باوجود کچھ نہ کچھ رہ ہی جاتا ہے۔ میرا دیرینہ موقف ہے کہ نچلی سطح پر توجہ دینے کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ کئی بار توجہ دلائی کہ ستھرا پنجاب کا کام ٹھیک ہے اور ہو بھی رہا ہے لیکن نچلی سطح پر بات اس لئے نہیں بنتی کہ ویڈیو بنا کر بھیجنے کا طریقہ ایجاد کیا گیا یوں داروغہ صاحب اپنے ماتحت عملہ سے کسی ایک مقام پر دو جگہ صفائی کراتے ہوئے ویڈیو بناتے اور پھر غائب ہو جاتے ہیں، باقی علاقہ جوں کا توں رہتا ہے۔ اب خود وزیراعلیٰ کو احساس ہوا، شاید ان کی خدمت میں درست رپورٹ پیش کر دی گئی ہے چنانچہ وہ برہم ہوئیں کہ عملہ صفائی غیر حاضر رہتا ہے اور پھر انہوں نے وہ ہدائت کی جو اس سارے منصوبے کا ماحصل ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بڑے اور پوش علاقوں کی صفائی اپنی جگہ لیکن یہ سلسلہ گلی، محلوں اور یونین کونسلوں کی سطح پر ہونا چاہیے اب انہوں نے سختی سے ہدائت کی ہے کہ صفائی کا عمل اس سطح تک ہونا چاہیے ورنہ؟ اس ورنہ کے ساتھ عرض کروں گا کہ جس ذریعے نے ان کو یہ معلومات دیں کہ نچلی سطح پر صفائی نہیں ہوتی۔ اس پر زیادہ بھروسہ کریں کہ یہ حقیقت پسندی ہے۔

مجھے چند اور مسائل کی طرف بھی توجہ دلانا ہے اور ان میں سب سے بڑا مسئلہ ٹریفک کا ہے۔ موجودہ انچارج ٹریفک مستعد ہیں تو ہنرمند بھی لگتے ہیں لیکن ان کی کاوش اور بعض تبدیلیوں کے باوجود ٹریفک درست نہیں ہو پا رہی حالانکہ توجہ سے اس میں بہت آسانی پیدا کی جا سکتی ہے اور وہ یہ ہے کہ آپ بہتری کے لئے جو بھی نیا طریقہ اختیار کریں وہ سوچ سمجھ کر شروع کریں۔ محترم ٹریفک انچارج کی تجویز کے مطابق بعض چوراہوں کو چار طرفہ ٹریفک کے لئے بند کر کے صرف یکطرفہ یا دو طرفہ رہنے دیا گیا ہے۔ چوراہوں کے دو ذرائع بند کر دیئے گئے اور ٹریفک کے لئے یوٹرن بنائے گئے۔ اس سے ایک تو فاصلے بڑھے دوسرے یوٹرن باقاعدہ تعمیر نہیں کئے گئے بلکہ روڈ ڈیوائیڈر کو توڑ کر یوٹرن بنایا گیا۔ اب ہر روز یہ تماشہ ہوتا ہے کہ ان یوٹرنوں پر سے گزرنے والی ٹریفک مرکزی ٹریفک کو بلاک کرتی ہے کہ ڈرائیور حضرات باقاعدہ قطار اور ترتیب کی بجائے جلدی گزرنے کے چکر میں ہجوم کر دیتے ہیں، ان کو روکنے والا کوئی نہیں ہوتا کہ وہ ذمہ دار حضرات اسی یوٹرن کے ایک کونے پر کھڑے ہو کر چالانوں کا کوٹہ پورا کر رہے ہوتے ہیں، یہ سلسلہ پورے شہر میں ہے اور ان کی اس ”مفید“ کارکردگی کی وجہ سے ٹریفک بھی جام ہوتی ہے کہ یہ حضرات شادمان چوک جیسے مصروف تر مقام اور کینال پر بھی ناکہ لگا کر شکار کرتے نظر آتے ہیں اور اس ناکے کی وجہ سے پیچھے سے آنے والی ٹریفک کو پورا راستہ نہیں ملتا اور ٹریفک رکنا شروع ہو کر جام ہو جاتی ہے۔ یہ ٹریفک کے اہلکار اپنے حقیقی فرائض چھوڑ کر چالان کے ذریعے رقوم اکٹھی کرنے میں مصروف نظر آتے ہیں، اگر یہ ضروری اور لازم ہے تو پھر اہل کاروں اور عملے کو دو حصوں میں ہی تقسیم کر دیں تاکہ نظام تو چلے، ایک حصہ ٹریفک درست کرنے اور دوسرا چالانوں کے ذریعے خزانہ بھرنے کا کام کرتا رہے۔

میں نے پٹرولیم کے حوالے سے اپنے حضرات کی ذہانت کا اعتراف کیا تھا کہ ہر روز نرخ مقرر کرنے کا طریقہ نکال کر انہوں نے صارفین کو سرکی بھلا دی ہے، ایسی ہی فنکاری ہمارے ٹریفک مینجمنٹ کے بھائیوں نے بھی کی ہے۔ کئی اہم چوراہوں پر جہاں ٹریفک سگنل ہیں، زیادہ ٹریفک والے حصے کا سگنل کم از کم وقت پر سیٹ کر دیا ہے ایسے سگنل صرف تین چار گاڑیوں کو نکلنے کا موقع

دیتے اور پھر سرخ ہو جاتے ہیں۔ یوں روانی میں آنے والے پچھلے چوتھے یا پانچویں صاحب ای چالان کی زد میں آ جاتے ہیں ان حضرات کو جب چالان کی چٹ گھر پہنچتی ہے تو وہ سر پکڑ کر رہ جاتے ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ ٹریفک کے لوڈ کے مطابق سگنل کھلیں اور بند ہوں اس کے لئے سنسر سسٹم لگایا جا سکتا ہے کہ ہم ڈیجیٹل دور میں داخل ہونے کے دعویدار ہیں۔

مسائل تو بہت ہیں صرف ایک اور اہم مسئلہ کی طرف توجہ دلا کر بات ختم کرتے ہیں کہ جو رہ جائیں ان پر پھر بھی بات ہو سکتی ہے اور یہ مسئلہ پبلک ٹرانسپورٹ کا ہے جو نہ صرف لاہور بلکہ بڑے شہروں کے لئے بھی ناکافی ہے، میں صرف لاہور کی بات کرتا ہوں، مسلم لیگ (ن) ہی کے دور میں یہاں لاہور ٹرانسپورٹ کی سینکڑوں گاڑیاں چلتی تھیں اور یہ قریباً شہر کے ہر حصے کو کور کرتی تھیں، ان کے علاوہ دائیوو کی لوکل سروس تھی، پھر نہ جانے کس کی نظر ان بسوں اور کمپنی کو کھا گئی کہ نہ صرف بند ہوئیں بلکہ کھڑے کھڑے کوڑا بھی ہو گئیں۔ محترم خواجہ حسان اس بارے میں بتا سکتے ہیں کہ وہ چیئرمین تھے۔

بہرحال موجودہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنے وزارت علیہ کے دور میں میٹرو شروع کرائی اور ٹرین بھی چلنا شروع ہو گئی، دائیوو لوکل کو کنٹریکٹ پر فیڈر روٹس بنا کر سپیڈو کے نام سے چلا دی گئی۔ سفری سہولتیں بڑھیں لیکن دو سو سے زائد بسوں کی کمی دور نہ ہو سکی۔ اب وزیراعلیٰ مریم نواز نے ماحول دوست الیکٹرک بسوں کا سلسلہ شروع کیا لیکن یہ بسیں پوری تعداد کی بجائے صرف دو روٹوں کے لئے چلائی گئیں، اب صورتحال یہ ہے کہ دائیوو والی سپیڈو بسیں دس سے سولہ سال پرانی ہونے کی وجہ سے بہت بری حالت میں ہیں، کھڑ کھڑ کرتی ہیں اور اے سی بھی درست کام نہیں کرتے۔ آبادی زیادہ ہونے کی وجہ سے مسافر ضرورت سے زیادہ ہوتے ہیں۔ دوسری طرف ای بسوں کی سہولت کے باعث ان پر بہت رش ہو گیا ہے اور معمر حضرات خصوصی طور پر پریشان ہوتے ہیں۔ لاہور کے لئے ایسی بیسیوں ای بسوں کی ضرورت ہے اور دائیوو والی سپیڈو (فیڈر روٹس) بسوں کو بھی ای بسوں سے تبدیل کرنا ضروری ہے تاکہ لوگ سفر کر سکیں، کرایہ تھوڑا بڑھایا جا سکتا ہے۔

آج کے لئے اتنا ہی، شاید کہ اتر جائے آپ کے دل میں میری یہ بات!

فن و ثقافت

45 سالہ اداکارہ کرینہ کپور کی تیسری بار حاملہ ہونے کی خبریں

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) اداکارہ کرینہ کپور کے تیسرے حمل سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی قیاس آرائیوں نے گزشتہ چند روز کے دوران خاصی توجہ حاصل کی، تاہم اداکارہ کے قریبی ذرائع نے ان خبروں کو مسترد کر دیا ہے۔ یہ افواہیں اس وقت شروع ہوئیں جب جم کے باہر بنائی گئی کرینہ کپور کی ایک مختصر ویڈیو سوشل میڈیا پر سامنے آئی۔ ویڈیو میں کرینہ کپور ورزش کے لباس میں اپنی گاڑی کی جانب جاتی دکھائی دے رہی ہیں۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد بعض سوشل میڈیا صارفین نے اداکارہ کے جسمانی وزن میں معمولی تبدیلی کو حمل سے جوڑتے ہوئے ان کے تیسرے بچے کی آمد کے امکانات پر قیاس آرائیاں شروع کر دیں۔ کرینہ کپور اور سیف علی خان پہلے ہی دو بیٹوں، تیمور علی خان اور جہانگیر علی خان، کے والدین ہیں۔ دونوں حال ہی میں اپنے بچوں کے ہمراہ تعطیلات گزارنے کے بعد ممبئی واپس پہنچے تھے، جس کے کچھ ہی عرصے بعد کرینہ کی جم کے باہر موجودگی کی ویڈیو منظر عام پر آئی اور سوشل میڈیا پر ان کے تیسرے حمل کی خبریں گردش کرنے لگیں۔ کرینہ کپور کی نجی زندگی اس سے قبل بھی مداحوں اور میڈیا کی خاص توجہ کا مرکز رہی ہے۔ اداکارہ ماضی میں اپنے خاندان اور بچوں کے حوالے سے گفتگو کے دوران یہ واضح کر چکی ہیں کہ ان کا مزید بچے پیدا کرنے کا ارادہ نہیں۔ اسی پس منظر میں ان کے تیسرے حمل کی افواہ نے مداحوں میں مزید تجسس پیدا کیا۔

رمشا خان کی بہن کا انگریزی میں نکاح، سوشل میڈیا صارفین کی تنقید

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستانی اداکارہ رمشا خان کی بہن علیشا خان کی شادی کی تقریبات سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہیں مگر ان کی نکاح کی تقریب ایک منفرد وجہ سے صارفین کی بحث کا موضوع بن گئی ہے۔ یہ تقریب دن کے وقت منعقد ہوئی اور نکاح کے دوران روایتی ’قبول ہے‘ کے بجائے انگریزی زبان میں رضامندی کا اظہار کیا گیا۔ ویڈیوز وائرل ہونے کے بعد متعدد سوشل میڈیا صارفین نے اس انداز پر تنقید کی اور سوال اٹھایا کہ پاکستانی شادی میں نکاح کی رسم انگریزی زبان میں کیوں ادا کی گئی۔ کچھ صارفین نے روایتی ’قبول ہے‘ کو زیادہ خوبصورت قرار دیا جبکہ بعض نے تقریب کے انداز اور دلہن کے انگریزی لہجے پر بھی طنزیہ تبصرے کیے۔ دوسری جانب رمشا خان نے اپنی بہن کی شادی کی تقریبات کے دوران خود کو بڑی حد تک میڈیا سے دور رکھا اور اپنے شوہر خوشحال خان کے ہمراہ تصاویر یا ویڈیوز بھی شیئر نہیں کیں۔ واضح رہے کہ علیشا خان کی شادی کی مختلف تقریبات کی تصاویر اور ویڈیوز گزشتہ چند روز سے سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہیں۔

’دوبارہ کسی شوبز خاتون کے ساتھ رومانوی تعلق نہیں رکھوں گا‘ میکال ذوالفقار

اداکار میکال ذوالفقار نے ساتھی اداکاراؤں کے ساتھ رومانوی تعلقات کے حوالے سے اپنے تجربات اور خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ دوبارہ کسی شوبز خاتون کے ساتھ رشتہ قائم کرنے کے خواہش مند نہیں۔ ان کے مطابق اداکارائیں رشتوں میں زیادہ توجہ اور دیکھ بھال چاہتی ہیں، جس کے لیے وہ اب خود کو تیار نہیں سمجھتے۔ میکال ذوالفقار نے اپنے فنی سفر کا آغاز فیشن انڈسٹری سے کیا تھا، جس کے بعد انہوں نے اداکاری کا رخ کیا۔ گزشتہ برسوں کے دوران وہ مختلف نوعیت کے کردار ادا کر کے اپنی صلاحیتوں کا [illegible]

فہد مصطفیٰ کی نئی تصاویر نے دوسری شادی کی افواہوں کو پھر ہوا دیدی

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستانی اداکار و پروڈیوسر فہد مصطفیٰ ایک بار پھر مبینہ دوسری شادی کی افواہوں کی زد میں آ گئے۔ فہد مصطفیٰ نے انسٹاگرام پر اپنی آنے والی فلم ’آگ لگے بستی میں‘ کی شوٹنگ کا ایک سال مکمل ہونے پر پس پردہ تصاویر شیئر کیں، جن میں فلم کی ٹیم کے دیگر افراد کے ساتھ حنا امان بھی دکھائی دیں۔ رپورٹ کے مطابق اس پوسٹ پر کمنٹس بند ہونے نے سوشل میڈیا صارفین کے تجسس کو مزید بڑھا دیا اور ایک مرتبہ پھر فہد مصطفیٰ اور حنا امان کے مبینہ تعلق سے متعلق قیاس آرائیاں شروع ہو گئیں۔ فہد مصطفیٰ اور حنا امان کی مبینہ شادی سے متعلق افواہیں تقریباً ایک سال سے گردش کر رہی ہیں مگر دونوں میں سے کسی نے بھی ان دعوؤں کی تصدیق نہیں کی۔ اس سے قبل بگ بینگ پروڈکشنز سے وابستہ رہنے والے سابق فوٹوگرافر عمر سعید نے ایک پوڈکاسٹ میں دونوں سے متعلق مختلف دعوے کیے تھے مگر ان دعوؤں کی بھی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔ واضح رہے کہ فہد مصطفیٰ نے اہلیہ ثنا فہد سے لو میرج کی تھی اور دونوں کے دو بچے فاطمہ اور موسیٰ ہیں۔

روما ریاض مس یونیورس پاکستان کی نیشنل ڈائریکٹر مقرر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) مس یونیورس پاکستان 2025 روما ریاض کو مس یونیورس پاکستان کی نیشنل ڈائریکٹر مقرر کر دیا گیا ہے۔ روما ریاض نے اپنی نئی ذمہ داری کا اعلان سوشل میڈیا پر کیا جہاں انہوں نے اس موقع کو اپنے لیے باعثِ اعزاز قرار دیتے ہوئے خوشی اور تشکر کا اظہار کیا روما کی تقرری کا اعلان فلپائن میں ان کی جانشین مصباح ارشد کی تاج پوشی کے موقع پر کیا گیا۔ مصباح رواں برس پورٹو ریکو میں ہونے والے 75ویں مس یونیورس مقابلے میں پاکستان کی نمائندگی کریں گی۔ اپنی انسٹاگرام پوسٹ میں روما ریاض نے کہا کہ مس یونیورس پاکستان کے ساتھ بطور نیشنل ڈائریکٹر سفر جاری رکھنے کا موقع ملنے پر وہ بے حد شکرگزار اور پُرجوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کرنے والی خواتین کے سفر کی رہنمائی اور انہیں آگے بڑھنے میں مدد فراہم کرنا ایک بڑی ذمہ داری ہے جسے وہ انتہائی سنجیدگی سے نبھائیں گی

بقیہ نمبر 1

،صوبائی حلقہ پی پی۔15 کینٹ کے سابق صدر شکیل احمد اعوان، جنرل سیکرٹری عبدالماجد ملک، کینٹ وارڈ نمبر 2 کے صدر میاں اختر سید خان، ملک حیدر، ملک مظہر جاوید، راجہ محمد اویس، حکیم شیخ خالد محمود، رائو محمد شفیق، سابق امیدوار کنٹونمنٹ بورڈ چوہدری محمد صفدر چوہان، راجہ ظہیر جنجوعہ، فضل حق عمر خیل، کینٹ وارڈ نمبر 7 کے سابق جنرل سیکرٹری راجہ خورشید کیانی، مرزا شیراز، محمد علی فخر، اکرام حسین، صدام نیاز اعوان، زرین حسین خان اور شہزاد بٹ سمیت دیگر راہنما اور سینئر کارکن شریک ہوئے۔ اجلاس میں پیپلز پارٹی کی مقبولیت کے فروغ بالخصوص راولپنڈی چکلالہ کینٹ میں پارٹی کی مضبوطی و استحکام کے حوالے سے مشاورت، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں کینٹ سے مزید غریب گھرانوں کی شمولیت اور آمدہ بلدیاتی انتخابات سمیت علاقے کے عوامی مسائل اور متفرق سیاسی و تنظیمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 2

عاطف شکور نے بتایا کہ والدہ ویسٹریج تھری میں رہائش پذیر ہیں 40 اور 35 سالہ دو خواتین جو سرائیکی بولتی تھیں گھر کے کام کاج کے لیے آئیں تو والدہ نے انھیں پانچ ہزار روپے پر صفائی وغیرہ کے لیے کام پر رکھ لیا جو دن کے وقت آتیں اور کام کر کے چلی جاتیں پھر ایک دن اچانک کام کر کے گئیں لیکن۔ واپس نہ آئیں والدہ نے گھر الماریوں کی پڑتال کی تالے ٹوٹے ہوئے تھے اور الماری سے 10 لاکھ روپے نقدی، امریکن ڈالر اور ریال ،زیورات اور دیگر اشیاء غائب تھیں جو وہ چرا لے گئیں۔ خواتین ملازمین کو سامنے آنے پر شناخت کر سکتے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کر لیا لیکن 20 دن گزرنے کے باوجود خواتین ملزمان کا سراغ نہ لگایا جاسکا مدعی مقدمہ نے آر پی او وسی پی او راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو گرفتار کیے زیورات اور نقدی برآمد کروائے جائیں۔

بقیہ نمبر 3

پورٹل اور پاک حج ایپ کے ذریعے پرائیویٹ حج سکیم کے عازمین گھر بیٹھے مجاز حج منظم کمپنی کا انتخاب اور اپنی پسند کے حج پیکیج کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ واجبات کی ادائیگی بھی آن لائن اسی ڈیجیٹل نظام کے ذریعے کی جاسکے گی۔

بقیہ نمبر 4

مہمان خصوصی ہوں گے۔ معروف مداح رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم افتخار حسین عباسی خصوصی نعت پیش کریں گے۔ کانفرنس کی صدارت پیر مولانا شیر محمد مغل اور سرپرستی قاری فضل ربی فرمائیں گے۔ مولانا قاری جمیل درانی نے تمام احباب کو بھرپور شرکت کی دعوت دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق تحریک اشاعت اسلام کا ایک وفد جس کی قیادت پیر مولانا شیر محمد مغل صدر تحریک اشاعت اسلام اڈیالہ روڈ و دیگر کر رہے تھے نے اڈیالہ پریس کلب کے صحافیوں کو بتایا کہ سالانہ عظیم الشان محسن انسانیت کانفرنس زیر اہتمام تحریک اشاعت اسلام اڈیالہ روڈ 25 اگست 11 ربیع الاول بعد نماز مغرب بروز منگل جامع مسجد الرحمن مرکز مین گیٹ گلشن اباد انعقاد پذیر ہوگی، جس کے میزبان مولانا ولی الرحمان ساجد ہوں گے۔ کانفرنس کا آغاز قاری آصف محمود تلاوت کلام پاک سے فرمائیں گے، ناظم کانفرنس قاری محمد یونس ہوں گے۔ ناظم سٹیج کے فرائض علامہ قاری عامر سعید سر انجام دیں گے۔ مولانا قاری جمیل درانی نے تمام احباب کو بھرپور شرکت کی دعوت دی ہے

بقیہ نمبر 5

سے مسروقہ رقم 9 موبائل فون مسروقہ رکشہ 5 مسروقہ موٹر سائیکلیں اور اسلحہ برآمد ہوا۔ نیوٹاؤن پولیس نے گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے مسروقہ رکشہ 5 موٹر سائیکلیں رقم 4 موبائل فون اور اسلحہ برآمد کیا۔ پیرودھائی پولیس نے 2 گینگز کے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم اور 3 موبائل فون برآمد کیے جبکہ صدر بیرونی پولیس نے گھر میں چوری میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم اور موبائل فون برآمد کیا۔ گوجرخان پولیس نے چوری و نقب زنی میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم اور موبائل فون برآمد کیے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا

بقیہ نمبر 6

مرکزی میلاد جلوس کمیٹی شکریال راولپنڈی کا اہم اجلاس استاذی المکرم علامہ ابوالعباس محمد ہاشم حقانی القادری سرپرست اعلیٰ مرکزی میلاد جلوس کمیٹی شکریال راولپنڈی کی زیر صدارت سید نسیم شاہ کاظمی مرحوم کے گھر منعقد ہوا جس میں مرکزی صدر حاجی بشیر اختر قریشی۔ جنرل سیکٹری چوہدری تنظیم نقیبی۔ نمبردار منیر اختر قریشی۔ ملک محمد بنارس۔۔ سید فصیح شاہ کاظمی۔ صوفی ظہیر قریشی۔ ۔ چوہدری محمد اشفاق بلال کالونی۔ حافظ زاہد بھائی مڑل ٹاون۔ ملک وقاص پرانی شکریال راولپنڈی۔ گلستان قریشی۔ مولانا مسعود الٰہی۔ راجہ یاسر عطاری۔ نے شرکت کی متفقہ قرارداد منظور کرتے ہوئے شرکاء اجلاس نے عہد کیا کہ حسب روایت جلوس عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھرپور مذہبی جوش و خروش سے نکالا جائے گا جس کی قیادت علامہ ابوالعباس محمد ہاشم حقانی القادری اور علامہ نور زمان رضوی علامہ جاوید حقانی۔ مفتی اسد محمود ستی۔ علامہ نور زمان رضوی۔ سید حسنین شاہ مشہدی۔ مولانا قاری فیاض نقشبندی۔ مفتی محمد عثمان چشتی مولانا قاری محمد اکرم اعوان مولانا قاری شاکر نصیر حقانی۔ صاحبزادہ علی عباس حقانی مولانا طفیل چشتی۔ مولانا شاہد حقانی۔ قاری محمد عمران حقانی۔ قاری شہزاد چشتی۔ قاری محمد ریاض چشتی۔ کرینگے۔ جلوس کے استقبال کے لئے 12 مقامات پر استقبالیہ کیمپ لگائے جائینگے۔ 5 مقامات پر لنگر اور پانی ودودھ کی سبیلیں لگائی جائیں گی۔ جلوس کا اختتام دربار بوٹا بادشاہ پر ہوتقریب انعامات ہوگی جسمیں معززین علاقہ کثیر تعداد میں شرکت کرینگے۔ اور میلاد پارٹیوں سٹیجز لگانے والے حضرات علماء کرام قراء وائمہ مساجد ومدراس کو انعامات دیے جائیں گے۔ اختتام پر خصوصی خطاب مفتی اہل سنت مفتی ناصر ساقی رضوی راولپنڈی کا ہوگا

بقیہ نمبر 7

،سینئر اور ایگزیکٹو اراکین ذوالفقار بیگ نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ایگزیکٹو ممبر عثمان نے پاکستان اور بالخصوص اسلام آباد میں پانی کی موجودہ صورتحال، پانی کی قلت اور دستیاب تازہ اعداد و شمار کے حوالے سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ انہوں نے پانی کے بڑھتے ہوئے بحران سے نمٹنے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ کونسل کے سرپرست اعلیٰ رفیق طاہر نے CWEP کے مشن، بنیادی مقاصد اور گزشتہ ایک سال کے دوران شروع کیے گئے منصوبوں اور سرگرمیوں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ پانی کا تحفظ صرف حکومتی اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کو اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ شرکاء نے پاکستان کو پانی کے ممکنہ بحران سے محفوظ بنانے کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ مقررین نے کیمونٹی کی سطح پر شعور اجاگر کرنے، بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کے لیے Rainwater Harvesting کو فروغ دینے اور مساجد، اسکولوں اور گھروں میں پانی کے ضیاع کو روکنے کے لیے موثر اقدامات اور جدید نظام کی تنصیب پر زور دیا۔ مہمان خصوصی معتال حسین ملک نے CWEP کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے پانی کے تحفظ کے لیے کیمونٹی کی شمولیت پر مبنی اس کے طریقہ کار کو قابل تحسین قرار دیا۔ چیئرپرسن عاصمہ ملک نے نئے اراکین کو مبارکباد دیتے ہوئے ان میں ممبر شپ کارڈز تقسیم کیے اور اس عزم کا اظہار کیا کہ CWEP ایک Water Secure Pakistan کے مقصد کے حصول کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء کے اعزاز میں پرتکلف ہائی ٹی کا اہتمام کیا گیا۔ سی ڈبلیو ای پی نے اس موقع پر اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا: آج بچایا گیا ہر قطرہ کل کے لیے زندگی کی ضمانت ہے۔"

بقیہ نمبر 8

جولائی 2025 سے جون 2026 تک کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق ایک سال کے دوران او پی ڈی میں 2 لاکھ 16 ہزار 465 مریضوں نے طبی سہولیات حاصل کیں، جبکہ ایمرجنسی میں 78 ہزار 584 اور ان ڈور ڈیپارٹمنٹ میں 10 ہزار 556 مریض زیر علاج رہے

بقیہ نمبر 9

مشقوں، تربیت اور دفاعی تعاون کے لیے عملی صلاحیتیں اور ادارہ جاتی نظام تشکیل دیا جائے گا

بقیہ نمبر 10

حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس پی سیکورٹی نے ہدایت کی کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور تھانوں میں شہریوں کے لیے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور انہیں سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

بقیہ نمبر 11

برقی جھنڈیوں اور مختلف کھانے اور پینے کے سٹال اور سٹیجوں سے سجایا جائے گا۔ جلوس کی سرپرستی الحاج ملک افتخار احمد اور نگرانی مفتی نوید انجم ضیائی کریں گے۔ مرکزی جلسہ گاہ میں ثناء خواں حضرات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی نعت اور علمائے کرام خطاب فرمائیں گے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز جامعہ مسجد الحق جناح ٹاون اڈیالہ میں مرکزی علمائے اہل سنت و میلاد کمیٹی یونین کونسل اڈیالہ کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تمام میلاد کمیٹیاں اور انتظامی امور سے وابستہ عوام اہلسنت سیاسی وسماجی احباب شریک ہوئے۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قران مجید سے حافظ بدر رحمان چشتی نے کیا۔ نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم حافظ محمد الطاف نے پیش کی۔ اجلاس کی سرپرستی حاجی ملک افتخار اور صدارت مفتی محمد نوید انجم ضیائی نے کی ہے۔ اجلاس میں علامہ مولانا پیر زاہد حسین شاہ سرپرست مرکزی علماء کمیٹی میلاد۔ علامہ طاہر مدنی، قاری یاسر اقبال نعیمی، قاری عبدالرحمن چشتی، مفتی عاطف شہزاد، حافظ محمد الطاف، ملک فیضان چوہدری، بنیامین راجہ، رضوان راجہ، عبدالباسط اور تمام میلاد بیٹھیوں کے ممبران نے بھرپور شرکت کی۔

بقیہ نمبر 12

اکثریتی آبادی پر مشتمل ہیں اور جمہوری اصول یہ ہے کہ اکثریتی آبادی کو نظام حکومت میں ترجیحی شراکت داری ملے مگر ہمارے نوجوان کسی کی ترجیحات میں نہیں۔ اس صورتحال نے نوجوانوں کو مایوسی اور محرومی کے احساس سے دوچار کیا ہے۔ حکومتیں نہ ان کیلئے حسب ضرورت روزگار کے مواقع پیدا کر سکتی ہیں اور نہ تعلیم و تربیت کے وافر مواقع۔ اور المیہ یہ کہ نوجوانوں کیلئے سیاست میں جگہ بنانے کی گنجائش اور امکانات بھی نہ ہونے کے برابر ہیں۔ صوبائی اور وفاقی سیاست تو عام آدمی کے بس کا روگ نہیں، عام آدمی صرف مقامی سطح کے سیاسی دھارے میں پاؤں رکھنے کا سوچ سکتا ہے مگر ہمارے ہاں بلدیاتی انتخابات نہ باقاعدہ ہیں اور نہ انہیں وہ اہمیت حاصل ہے جو اس نظام حکومت کو ہونی چاہیے۔ شاید ہی کسی سیاسی حکومت نے بلدیاتی انتخابات معمول کے مطابق کروائے ہوں اور وسائل اور اختیارات منتخب نمائندوں کو سونپے ہوں۔ اٹھارہویں آئینی ترمیم میں صوبوں کو صرف مالی وسائل اور اختیارات نہیں ملے تھے ان پر کچھ آئینی ذمہ داریاں بھی ڈالی گئی تھیں مقامی حکومت کا نظام قائم کرنا اور سیاسی انتظامی اور مالی اختیارات اور ذمہ داریوں کی منتقلی۔ مگر یہ سب نہیں ہو سکا۔ مالی وسائل صوبوں کو مل گئے مگر آگے منتقل نہ ہوئے۔ صوبے این ایف سی کی تو بات کرتے ہیں مگر پی ایف سی کا نہ کہیں ذکر ہے نہ کسی کو خبر ہے۔ اس صورتحال میں چھوٹے صوبے اور بلدیاتی حکومتوں کا موثر نظام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صرف یہی ایک طریقہ ہے ملک کو اچھی گورنس دینے کا۔ بہترین مستقبل اچھی گورنس کے بغیر ممکن نہیں اور بہترین گورنس کیلئے انتظامی ڈھانچے پر توجہ دینا ہوگی۔ یہی اگلی نسلوں کی خوشحالی اور ترقی کی بنیاد ہے

بقیہ نمبر 13

،تاہم ہسپتال کے مختلف شعبہ جات بشمول وارڈز اور انتظامی ونگز سے تعلق رکھنے والے کم و بیش 16 ملازمین، جن میں ڈاکٹرز، چارج نرس، ڈسپنسر، کک اور نائب قاصد شامل ہیں، اس وقت گوجرخان کے بجائے مری، راولپنڈی کے مختلف محکموں اور فیلڈ ڈیوٹیوں پر مامور ہیں، جس کی وجہ سے مقامی سطح پر مریضوں کی دیکھ بھال کا نظام بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ اس افرادی قوت کی عدم موجودگی کا سب سے بڑا اثر بنیادی مرکز صحت قاضیاں جیسے مضافاتی علاقوں پر پڑ رہا ہے، جہاں تکنیکی عملہ نہ ہونے کے باعث لاکھوں روپے مالیت کی قیمتی طبی مشینیں اور آلات طویل عرصے سے غیر فعال پڑے ہیں اور ان کے خراب ہونے کا خدشہ پیدا ہو چکا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ غریب عوام کے ٹیکسوں سے خریدی گئی یہ مشینیں عملے کی عدم موجودگی کے باعث کباڑ بن رہی ہیں، جس کا اعلیٰ حکام کی طرف سے فوری نوٹس لیا جانا ضروری ہے۔ دوسری جانب، معلوم ہوا ہے کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان کی انتظامیہ ہسپتال میں مریضوں کے بہترین مفاد اور افرادی قوت کو پورا کرنے کے لیے محکمانہ سطح پر اعلیٰ حکام کو تحریری طور پر مطلع کر چکی ہے تاکہ مریضوں کو علاج کے لیے راولپنڈی کے بڑے ہسپتالوں کا رخ نہ کرنا پڑے۔ اسی طرح ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی کے حکام کا موقف ہے کہ ان جنرل ڈیوٹی (GD) آرڈرز کے حوالے سے تمام قانونی اور انتظامی تحفظات کو جلد دور کیا جائے گا اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ گوجرخان کے شہریوں کے طبی حقوق کا مکمل تحفظ ہو۔ گوجرخان کی عوامی، سماجی اور فلاحی تنظیموں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ہم گوجرخان ہسپتال اور دیہی ڈسپنسریوں سے دوسرے علاقوں میں اٹیچ کیے گئے عملے کی فوری واپسی کو یقینی بنایا جائے، تاکہ غریب عوام کو ان کی دہلیز پر مفت علاج کی سہولت مل سکے

بقیہ نمبر 14

،تاہم ہسپتال کے مختلف شعبہ جات بشمول وارڈز اور انتظامی ونگز سے تعلق رکھنے والے کم و بیش 16 ملازمین، جن میں ڈاکٹرز، چارج نرس، ڈسپنسر، کک اور نائب قاصد شامل ہیں، اس وقت گوجرخان کے بجائے مری، راولپنڈی کے مختلف محکموں اور فیلڈ ڈیوٹیوں پر مامور ہیں، جس کی وجہ سے مقامی سطح پر مریضوں کی دیکھ بھال کا نظام بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ اس افرادی قوت کی عدم موجودگی کا سب سے بڑا اثر بنیادی مرکز صحت قاضیاں جیسے مضافاتی علاقوں پر پڑ رہا ہے، جہاں تکنیکی عملہ نہ ہونے کے باعث لاکھوں روپے مالیت کی قیمتی طبی مشینیں اور آلات طویل عرصے سے غیر فعال پڑے ہیں اور ان کے خراب ہونے کا خدشہ پیدا ہو چکا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ غریب عوام کے ٹیکسوں سے خریدی گئی یہ مشینیں عملے کی عدم موجودگی کے باعث کباڑ بن رہی ہیں، جس کا اعلیٰ حکام کی طرف سے فوری نوٹس لیا جانا ضروری ہے۔ دوسری جانب، معلوم ہوا ہے کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان کی انتظامیہ ہسپتال میں مریضوں کے بہترین مفاد اور افرادی قوت کو پورا کرنے کے لیے محکمانہ سطح پر اعلیٰ حکام کو تحریری طور پر مطلع کر چکی ہے تاکہ مریضوں کو علاج کے لیے راولپنڈی کے بڑے ہسپتالوں کا رخ نہ کرنا پڑے۔ اسی طرح ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی کے حکام کا موقف ہے کہ ان جنرل ڈیوٹی (GD) آرڈرز کے حوالے سے تمام قانونی اور انتظامی تحفظات کو جلد دور کیا جائے گا اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ گوجرخان کے شہریوں کے طبی حقوق کا مکمل تحفظ ہو۔ گوجرخان کی عوامی، سماجی اور فلاحی تنظیموں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ہم گوجرخان ہسپتال اور دیہی ڈسپنسریوں سے دوسرے علاقوں میں اٹیچ کیے گئے عملے کی فوری واپسی کو یقینی بنایا جائے، تاکہ غریب عوام کو ان کی دہلیز پر مفت علاج کی سہولت مل سکے۔

بقیہ نمبر 15

ترقیاتی ہینگ ووکر یونین کے صدر ذوالفقار تنولی جنرل سیکرٹری ملک محمد اسماعیل مسلم لیگی راجہ شیراز یونس اور راجہ عرفان شامل تھے وفد نے وفاقی وزیر مملکت کو صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری کی طرف شاندار کارکردگی دیکھتے ہوئے تمغہ ہلال امتیاز کے لیے منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی اس موقع پر وفاقی وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں پاکستان کا اعلیٰ اعزاز ملنے پر اپنے رب تعالیٰ اور صدر پاکستان اور وزیر اعظم پاکستان کا شکر گزار ہوں

بقیہ نمبر 16

اسلام آباد میں منعقدہ سٹیزن فورم برائے بااختیار مقامی حکومت میں کیا گیا۔ فورم میں مقامی حکمرانی، شہریوں کے حقوق، شفافیت اور جوابدہی سمیت مختلف امور پر تفصیلی غور کیا گیا اور مقامی حکومتوں کے نظام کو موثر بنانے کے لیے تجاویز پیش کی گئیں۔ شرکاء نے کہا کہ مقامی حکومتوں کے اداروں کے درمیان اختیارات اور ذمہ داریوں کی واضح تقسیم ضروری ہے، جبکہ تفویض کردہ امور کی انجام دہی کے لیے انہیں مناسب مالی و انتظامی وسائل اور اختیارات بھی فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ مقامی حکومتوں کو اپنے دائرہ اختیار کے معاملات پر مکمل اختیار حاصل ہونا چاہیے تاکہ مختلف اداروں کے درمیان اختیارات کی غیر ضروری تکرار اور تنازعات کا خاتمہ کیا جا سکے۔ فورم نے علاقائی اور بین الاقوامی بہترین طریقوں سے استفادہ کرنے، جدید ٹیکنالوجی کو مقامی حکمرانی کا حصہ بنانے، صوبوں اور خطوں میں بیک وقت مقامی حکومتوں کے انتخابات کرانے اور آزاد، شفاف، منصفانہ اور بلاتعطل انتخابی عمل کو یقینی بنانے کی سفارش بھی کی۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ مقامی حکومتیں سیاسی قیادت کی تربیت اور نئی قیادت سامنے لانے کا اہم ذریعہ بن سکتی ہیں، اس لیے سیاسی جماعتوں اور شہریوں کو محض پارٹی وابستگی کے بجائے باصلاحیت، تعلیم یافتہ اور اپنی برادریوں سے براہ راست تعلق رکھنے والے امیدواروں کو ترجیح دینی چاہیے۔ نوجوان نمائندوں نے سیاسی عمل اور فیصلہ سازی میں نوجوانوں کی موثر شمولیت، ٹیکنالوجی پر مبنی حکمرانی اور مقامی سرکاری خدمات کو ڈیجیٹل بنانے پر بھی زور دیا۔ فورم میں خواتین، نوجوانوں، خواجہ سرا افراد اور اقلیتوں کی موثر نمائندگی یقینی بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ شرکاء نے اقلیتی برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو محض مخصوص نشستوں تک محدود رکھنے کے بجائے عام نشستوں پر بھی انتخابات میں حصہ لینے کی حوصلہ افزائی کرنے کی سفارش کی۔ اس موقع پر آوازسی ڈی ایس پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ضیاء الرحمان نے اسلام آباد میں منتخب مقامی حکومتوں کی طویل عرصے سے عدم موجودگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں بار بار تاخیر اور جاری حد بندی کے عمل کے باعث شہریوں کی روزمرہ حکمرانی اور ترقیاتی ضروریات متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ آزاد، منصفانہ، شفاف اور غیر جانبدار بلدیاتی انتخابات مزید تاخیر کے بغیر کرائے جائیں اور حکومت کے تینوں درجات باہم مل کر جوابدہ طرز حکمرانی کو یقینی بنائیں۔ یوجی او اوڈی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سید اشتیاق الحسن گیلانی نے کہا کہ مقامی حکومت وہ سطح ہے جہاں عام شہری کے لیے جمہوریت حقیقی معنوں میں بامعنی بنتی ہے، کیونکہ یہ فیصلہ سازی، عوامی خدمات اور احتساب کو براہ راست کیمونٹی کے قریب لاتی ہے۔

بقیہ نمبر 17

قرآن پاک سے تعلق کو مضبوط کیا جائے ان خیالات کا اظہار ادارہ تعلیمات اسلامیہ پاکستان کے ڈپٹی ڈائریکٹر ممبر امن کمیٹی علامہ حافظ محمد قاسم شیخ نے میڈیا ٹاؤن میں مرکزی میلاد و سیرت مصطفیٰ کمیٹی کے زیر اہتمام منعقدہ سالانہ میلاد و سیرت مصطفیٰ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس سے علامہ محمد حمزہ علی قادری نے خطاب جبکہ محمد ظفر علی چشتی، عمران وارثی نے ہدیہ عقیدت پیش کیا کانفرنس کی صدارت میلا و سیرت کمیٹی کے صدر عدیل ایوب اور جنرل سیکرٹری آفتاب عالم نے کی جبکہ سینئر نائب صدر سید قیصر عباس شاہ، فنانس سیکرٹری سید مدثر شاہ، سیکرٹری اطلاعات اللہ داد صدیقی، جوائنٹ سیکرٹری بشیر احمد، سابق صدور دیوان ذاکر سرور قادری، سابق جنرل سیکرٹریز ناصر میر، سید اطہر شاہ ملک اکبر دین سمیت پیر ڈاکٹر اکبر علی اعوان اور دیگر ممتاز مذہبی وسماجی شخصیات نے بھی شرکت کی کانفرنس میں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس دستور کے صدر محمد نواز رضا، سابق صدر پریس کلب طارق چوہدری، میڈیا ٹاؤن کے طارق ملک، حفیظ ملک، عابد ملک، حافظ منظور مرکزی میلاد و سیرت کمیٹی راولپنڈی کے جنرل سیکرٹری ابرار شیخ تنظیم الاعوان کے سربراہ ملک عمیس اعوان نے وفود کے ہمراہ شرکت کی علامہ حافظ محمد قاسم شیخ نے کہا کہ میلاد شریف کی محافل قرب رسول کا ذریعہ ہیں خواتین سیرت طیبہ میں بچوں کی تربیت کا فریضہ ادا کریں، ماہ میلاد پاک میں ہمیں تجدید عہد کرنا ہوگا کہ زندگیاں اتباع رسول میں بسر کرنے سمیت استحکام وطن کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے یہ وطن ہماری محبت ہماری عقیدت ہے، پاکستان اسلام کا قلعہ ہے انھوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صرف ایک جہاں کیلئے نہیں تمام جہانوں کیلئے رحمت اللعالمین بنا کر بھیجا گیا، آج ضرورت ہے کہ ہمیں نبی اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت پاک پر عمل کریں ان کی محبت وغلامی ہی دنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے، عشق رسول ہی ایمان کی بنیاد ہے رسول کا نات سے رشتہ مضبوط بنا کر ہی دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے میلاد شریف منا کر اور سیرت طیبہ اپنا کر معاشرے میں محبتوں کو فروغ دینا وقت کا اہم تقاضا ہے قرآن پاک کی تلاوت اور درود شریف کی کثرت کو معمول بنایا جائے میلاد و سیرت مصطفیٰ کمیٹی کے صدر عدیل ایوب نے کہا کہ میلاد پاک صبح قیامت تک منایا جاتا رہے گا فرقہ واریت کے خاتمے کے لئے میلاد کی محافل موثر ذریعہ ہیں

بقیہ نمبر 18

لائن پھٹنے کا فالٹ اور کبھی بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا بہانہ کیا جاتا ہے۔ اگر واسا نے اپنا قبلہ درست نہ کیا روڈ بلاک کر کے بھرپور احتجاج کیا جائے گا ﷺ تفصیلات کے مطابق محمدی کالونی ویلفیئر سوسائٹی اڈیالہ روڈ راولپنڈی کا اجلاس زیر صدارت جاوید اقبال بٹ و نائب صدر راجہ محمد ارشد و لیگل ایڈوائزر ہائی کورٹ کے وکیل راجہ محمد مدثر شریف و دیگر ممبران کی زیر نگرانی منعقد ہوا جس میں ایم ڈی واسا راولپنڈی۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور چیف منسٹر پنجاب سے مطالبہ کیا گیا کہ واسا اڈیالہ روڈ پر پچھلے شیڈول کے مطابق سپلائی نہیں چلا رہا ہے پچھلے ہفتے سے اڈیالہ روڈ محمدی کالونی کی سپلائی نہیں چل سکی جس کی وجہ لائن پھٹ جانے کا فالٹ بتایا جا رہا ہے جو چار پانچ دن تک مرمت نہیں ہوئی کبھی بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا بہانہ اور سپلائی متاثر ہوتی ہے۔ اجلاس ایم ڈی واسا اور انتظامیہ راولپنڈی بالخصوص چیف منسٹر پنجاب سے مطالبہ کرتا ہے کہ واسا سپلائی ہفتے میں کم از کم دو بار دو دو گھنٹہ فل پریشر کے ساتھیوں چلائی جائے تاکہ پانی کی گھریلو ضروریات پوری ہو سکیں اور ٹینکر مافیا سے جان چھڑائی جاسکے۔ پچھلے چھ ماہ سے سپلائی مہینے میں کہیں تین بار کہیں صرف دو بار چل رہی ہے ہفتے کی سپلائی لیٹ چلنے کا بہانہ بنا کر پانی کم کیا جاتا ہے۔ واسا ہم سے بل پورا لے رہا ہے پانی پورا نہیں دے رہا ہے۔ اور یہ اجلاس مزید یہ مطالبہ کرتا ہے کہ گورکھپور سے اڈیالہ روڈ تک سپلائی لائن کو ڈبل کیا جائے تاکہ ایک لائن کی خرابی کی صورت میں متبادل دوسری لائن چلائی جاسکے مزید پانی کے ٹینک بنائے جائیں مزید ٹیوب ویلز لگائے جائیں اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کی صورت میں اس کا متبادل چنریٹر یا سولر سسٹم سے کیا جائے۔ آج سے دو سال قبل اڈیالہ روڈ اور واسا کے صرف تین ٹیوب ویلز تھے اس وقت سپلائی ہفتہ میں دو مرتبہ چلتی تھی اب تو ٹیوب ویلز ہو گئے ہیں اور سپلائی ہفتہ کے بعد بھی نہیں چل رہی کئی جگہوں پر دو دو ہفتے اور تین تین ہفتے سپلائی نہیں چلتی شکایات کرنے پر کوئی شنوائی نہیں ہوتی۔ اندرون شہر روزانہ سپلائی چلتی ہے لوگ بھی ہمارے جیسے ہی بل دے رہے ہیں۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ خان پور ڈیم اور راول ڈیم سے سپلائی لائن اندرون شہر تک اسکتی ہے تو اسے اڈیالہ روڈ تک بھی لایا جائے تاکہ یہاں بھی پانی کی کمی کا مسئلہ حل ہو سکے اور اڈیالہ روڈ کے پرانے واسا سٹاف کو فی الفور تبدیل کیا جائے ان کو اگر کمپلینٹ کی جائے تو ان پر کوئی اثر ہی نہیں ہوتا۔ اگر ہمارے یہ مطالبات منظور نہ کیے گئے تو محکمہ واسا نے اپنا قبلہ درست نہ کیا تو اہلیان محلہ محکمہ واسا کے خلاف اڈیالہ روڈ پر احتجاج کریں گے اور پنجاب ہاؤس کے سامنے دھرنا بھی دیں گے اور لیگل طریقے سے ہائی کورٹ میں بھی محکمہ واسا اور انتظامیہ راولپنڈی کے خلاف رٹ دائر کی جائے گی جس کا ذمہ دار محکمہ واسا ہوگا۔

بقیہ نمبر 19

مزید 19 ملزمان کو گرفتار کیا گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے غیر قانونی اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کرنے کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک بنایا جاسکے

بقیہ نمبر 20

موٹر سائیکلوں اور ایک ہزار 720 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ پولیس کے مطابق سرچ آپریشنز کے دوران 251 مشکوک افراد، 453 موٹر سائیکلوں اور 5 گاڑیوں کو مزید جانچ پڑتال اور قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ تھانوں منتقل کیا گیا۔ آپریشنز کے دوران منشیات اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے 4 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جن کے قبضے سے آئس، ایک خنجر اور 3 پستول بمعہ ایمونیشن برآمد ہوئے۔ اسلام آباد پولیس کے مطابق یہ کارروائیاں آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر امن وامان کے قیام، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے جاری ہیں۔ آئی جی اسلام آباد نے سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز مزید موثر بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ سرچ آپریشنز کا مقصد مشکوک عناصر کی نشاندہی، غیر قانونی اسلحہ و منشیات کے خلاف کارروائی اور جرائم کی روک تھام ہے۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ دوران چیکنگ پولیس سے تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر پکار 15 پر دیں۔

بقیہ نمبر 21

نے ریسکیو 1122 کی ٹیموں کے تاخیر سے پہنچنے اور مناسب سہولیات کی عدم دستیابی کو شدید مالی نقصان کی وجہ قرار دے دیا تفصیلات کے مطابق گوجرخان شہر کے سروس روڈ پر واقع گیلانی کارپٹس کی دکان بیسمنٹ میں قائم ہے۔ دکان کے مالک عظمت گیلانی نے میڈیا کو بتایا کہ وہ صبح تقریباً ساڑھے پانچ بجے بارش کا پانی دکان میں داخل ہونے کے خدشے کے پیش نظر دکان چیک کرنے پہنچے۔ تالا کھولنے پر دکان کے ایک حصے سے دھواں اٹھتا دکھائی دیا جو دیکھتے ہی دیکھتے شدید آگ میں تبدیل ہوگیا۔ عظمت گیلانی کے مطابق واقعے کی اطلاع فوری طور پر ریسکیو 1122 کو دی گئی تاہم ریسکیو ٹیم تقریباً پون گھنٹے بعد موقع پر پہنچی۔ ان کا کہنا تھا کہ ریسکیو گاڑی کے پاس آگ پر قابو پانے کے لیے پانی ناکافی تھا، جس کے باعث انہوں نے اپنی مدد آپ کے تحت نجی ٹینکروں کے ذریعے ریسکیو گاڑی کو پانی فراہم کیا۔ اس دوران بلدیہ کی فائر بریگیڈ کو بھی اطلاع دی گئی، تاہم ان کے مطابق ڈرائیور کی عدم دستیابی کے باعث فائر بریگیڈ تقریباً صبح نو بجے موقع پر پہنچی۔ مالک گیلانی کارپٹس کے مطابق آگ لگنے کے تقریباً دو گھنٹے بعد راولپنڈی سے ریسکیو 1122 کی مزید ٹیمیں موقع پر پہنچیں، جنہوں نے کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پایا، تاہم اس وقت تک دکان میں موجود کروڑوں روپے مالیت کا سامان جل کر تباہ ہو چکا تھا۔ عظمت گیلانی نے بتایا کہ وہ تقریباً پون گھنٹے تک ریسکیو ٹیم کا انتظار کرتے رہے اور اس دوران اپنی مدد آپ کے تحت آگ پر قابو پانے اور قیمتی سامان کو بچانے کی کوشش کرتے رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر ریسکیو ٹیمیں بروقت مطلوبہ سہولیات اور وافر پانی کے ساتھ موقع پر پہنچ جاتیں تو بھاری مالی نقصان سے بچا جا سکتا تھا۔ آتشزدگی کے باعث گیلانی کارپٹس کے اوپر واقع میاں الیکٹرونکس کو بھی جزوی نقصان پہنچا، تاہم بڑے نقصان سے محفوظ رہی۔ دکان مالکان نے سامان نکال کر اسے دولتالہ برانچ منتقل کر دیا۔ شہری حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گوجرخان میں ریسکیو اور فائر بریگیڈ کی سہولیات کو موثر بنایا جائے تاکہ ہنگامی صورتحال میں بروقت کارروائی کے ذریعے شہریوں کے جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جاسکے

بقیہ نمبر 22

متوقع ہے۔ ساؤتھ ایشین گیمز میں مجموعی طور پر 346 گولڈ میڈلز کے لیے کھلاڑی ایکشن میں ہوں گے۔ گیمز کے مقابلے اسلام آباد، لاہور اور پشاور میں منعقد کیے جائیں گے۔ صدر پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن عارف سعید نے کہا کہ پاکستان ساؤتھ ایشین گیمز کی میزبانی کے لیے تیار ہے، حکومت گیمز کے کامیاب انعقاد کے لیے بھرپور تعاون اور معاونت فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ساؤتھ ایشین گیمز کے انعقاد کو شاندار اور یادگار بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 23

ہی زمین میں زندہ گاڑ دیا جاتا تھا۔ اس عالم میں حضور اقدس ﷺ دنیا میں رحمت بن کر تشریف لائے اور اس آفتاب و ماہتاب کی روشنی سے پوری دنیا فیض یاب ہونے لگی۔ ان خیالات کا اظہار سجادہ نشین آستانہ عالیہ محمدیہ قادریہ قلندریہ گلشن آباد شریف پیر سرکار جی نے 28ویں سالانہ 12 روزہ آل پاکستان جشن عید میلاد النبی ﷺ کانفرنس بسلسلہ تحفظ ختم نبوت و ناموس رسالت کی نویں نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر 24

تھانہ بنی وارث خان نیوٹاؤن چکلالہ ریس کورس چکری کلر سیداں اور گوجرخان کے علاقوں میں کی گئیں۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا ہے کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ نمبر 25

محمد سلیم خٹک ڈی ایس پی لیگل راشد بلال سمیت دیگر افسران نے پولیس افسران اور اہلکاروں کو اخلاقی تربیت، شہریوں سے خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ رویے کے حوالے سے لیکچرز دیے۔ ورکشاپ میں ایلیٹ فورس ٹریفک پولیس ڈولفن فورس پی ایچ پی اور لیڈیز پولیس کے افسران واہلکاروں نے شرکت کی۔ شرکاء کو عوام سے موثر رابطہ خوش اخلاقی تحمل اور عزت نفس کے احترام کے حوالے سے خصوصی لیکچرز دیے گئے۔ خواتین بزرگوں اور بچوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور شہریوں سے شائستہ رویہ اپنانے پر خصوصی زور دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق عوام کی عزت مسائل کا فوری ازالہ اور بہتر سروس ڈیلیوری عوام دوست پولیسنگ کا بنیادی مقصد ہے

بقیہ نمبر 26

نے شرکت کی۔ ریلی کی قیادت مرکزی جلوس میلاد کمیٹی کینٹ کے صدر حاجی ظفر اقبال نے کی جبکہ چوہدری ساجد، رضا مصطفیٰ نورانی، صاحبزادہ عثمان غنی، نذر قادری، قیصر سلطانی اور قاضی شکور الٰہی سمیت دیگر نے شرکت کی۔ ریلی کا آغاز غوثیہ حویلی سے ہوا جو مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی ڈھوک سیداں چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے حاجی ظفر اقبال نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی آمد سے جہالت کے اندھیرے چھٹ گئے اور پورا عالم حق کی روشنی سے منور ہو گیا۔ نبی کریم ﷺ محسن انسانیت اور رحمت للعالمین ہیں، آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔

بقیہ نمبر 27

اداروں کو ہدایات بھی جاری کی گئیں اجلاس میں اے ایس پی دانیال کاظمی نے کہا کہ عید میلاد کے پروگراموں کے حوالے سے انتظامیہ بھرپور معاونت کرے گی سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں گے اسسٹنٹ کمشنر آفس گوجرخان میں ہونے والی میٹنگ کا آغاز نصیر چشتی نے تلاوت قرآن مجید سے کیا نوید طاہر نے بارگاہ رسالت میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے اجلاس میں جوائنٹ سیکرٹری نوید طاہر اور سیکرٹری نشرواشاعت نصیر چشتی نے مرکزی جلوس، دعوت اسلامی کے جلوس، مانکیالہ، نگاکل عمر خان اور صدیق اکبر مسجد کے جلوسوں کے روٹس اور ٹائمنگ بارے اسسٹنٹ کمشنر کو اور اے ایس پی کو آگاہ کیا

بقیہ نمبر 28

پورن لال چکمہ کی تجزیاتی رپورٹ شائع ہوئی ہے کہ دفاعی معاہدے میں بنگلہ دیش کی ممکنہ شمولیت کے چیلنجز اور جنوبی ایشیا کے بدلتے سٹریٹجک منظرنامے پر ایک تجزیاتی جائزہ سامنے آیا ہے۔ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے "مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ" کا بنیادی اصول مشترکہ دفاع ہے، جس میں کسی ایک ملک پر حملے کو تمام ارکان پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ اگرچہ بنگلہ دیش نے فی الوقت اس معاہدے پر دستخط نہیں کیے، تاہم ڈھاکہ کے اعلیٰ حکام نے قومی مفادات کے تحفظ کے پیش نظر اس میں شمولیت کا راستہ کھلا رکھا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیش کی ممکنہ شمولیت خطے کے سیاسی ماحول میں تناؤ پیدا کر سکتی ہے: بھارت اور بنگلہ دیش کے تعلقات میں پہلے ہی سرحد اور سیاسی امور پر کشیدگی پائی جاتی ہے۔ دوسری جانب پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان جے ایف-17 (JF-17) طیاروں کی خرید وفروخت اور فوجی تعاون جیسے معاملات پر پیش رفت ہو رہی ہے۔ بھارت کے لیے بنگلہ دیش میں پاکستان کا ملٹری یا انٹیلی جنس اثر و رسوخ ایک حساس موضوع ہے، خاص طور پر سلی گوڑی کوریڈور اور مشرقی سرحد کی سیکورٹی کے حوالے سے۔ جہاں اس معاہدے میں ترکیہ کی موجودگی کو اسرائیل اپنے سیکورٹی محاسبوں میں دیکھتا ہے، وہیں پاکستان کی شمولیت بھارت کے لیے اہم سٹریٹجک تشویش کا باعث ہے۔ تجزیے میں واضح کیا گیا ہے کہ بنگلہ دیش ایک خودمختار ملک ہونے کے ناطے اپنے دفاعی فیصلے کرنے کا مکمل حق رکھتا ہے، تاہم مکہ ڈیل میں اس کی عملی شمولیت پاک بھارت اور بنگلہ دیشی تعلقات کی نوعیت کو تبدیل کر سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 29

آبادی کے مطابق دونوں علاقوں میں نصب ٹرانسفارمرز پر بجلی کا لوڈ بڑھ جانے کے باعث وولٹیج میں کمی جیسی معمول بن گئی ہے، جس سے گھریلو صارفین کو مشکلات کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں عابد فتی، امجد، طیب، نیاز اور ظہیر کا کہنا ہے کہ وولٹیج اچانک کم یا زیادہ ہونے سے متعدد گھروں میں ٹی وی، فریج، پنکھے، موٹرز اور دیگر برقی آلات کو نقصان پہنچ چکا ہے، جبکہ وولٹیج کی غیر مستحکم صورتحال کے باعث مزید مالی نقصان کا خدشہ بھی برقرار ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مذکورہ علاقوں کی آبادی اور بجلی کی ضروریات میں اضافہ ہو چکا ہے، تاہم موجودہ ٹرانسفارمرز بڑھتے ہوئے لوڈ کے مقابلے میں ناکافی دکھائی دیتے ہیں۔ شہریوں نے ایس ڈی او واپڈا گوجرخان اور ایکسیئن واپڈا سے مطالبہ کیا ہے کہ دونوں علاقوں میں نصب ٹرانسفارمرز اور بجلی کے نظام کا فوری تکنیکی جائزہ لے کر ضرورت کے مطابق زیادہ استعداد کے ٹرانسفارمرز نصب کیے جائیں تاکہ وولٹیج میں اتار چڑھاؤ کا مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہو اور شہریوں کو مزید مالی نقصان سے محفوظ رکھا جاسکے

بقیہ نمبر 30

آئس برآمد کرلی۔ دونوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی کا کہنا ہے کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

بقیہ نمبر 31

27 نمبر کونکلیں گے، گولی اور بندوق سے نہیں ڈریں گے، ہم نے حقیقی آزادی لینی ہے یا شہادت قبول کرنی ہے، تیسرا کوئی راستہ نہیں، جعلی حکمرانوں کو آئین وقانون کا کوئی ڈر نہیں، یہ خود کو آئین سے بالاتر سمجھتے ہیں، ہم نے ان حق پرست ججز کا ساتھ دینا ہے جو انصاف کرتے ہیں اور عوامی امنگوں پر پورا اترتے ہیں، عمران خان عوامی طاقت سے باہر آئیں گے، وہ نوجوانوں کے لیڈر ہیں

بقیہ نمبر 32

اپنانا انتہائی ضروری ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے یہ بات 54ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے 217 پروبیشنری افسران کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، جنہوں نے اتوار کے روز اسلام آباد میں وزارت اطلاعات کے ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ کا دورہ کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کا موثر نظام مواصلات شفافیت کو فروغ دیتا ہے، عوام تک درست معلومات پہنچاتا ہے اور ریاستی اداروں پر ان کا اعتماد مضبوط کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کامن ٹریننگ پروگرام سرکاری افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں عوام کی بہترین خدمت کے قابل بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ وزیر اطلاعات نے نوجوان افسران پر زور دیا کہ وہ عاجزی، لگن اور شدید احساس ذمہ داری کے ساتھ پاکستان کی خدمت کریں، اپنے فرائض دیانت داری اور پیشہ ورانہ انداز سے سرانجام دیں اور ہر حال میں قومی مفاد کو سب سے مقدم رکھیں۔ اس سے قبل، وفد کو وزارت اطلاعات و نشریات کے کردار، حکومتی مواصلاتی نظام، قومی بیانیے کی ترویج، ڈیجیٹل مواصلات، عوامی آگاہی اور غلط معلومات کے تدارک کے طریقہ کار پر مفصل بریفنگ دی گئی۔ افسران کو ڈیجیٹل ذرائع ابلاغ کے ذریعے عوام تک رسائی اور انہیں حکومتی پالیسیوں و اقدامات سے باخبر رکھنے کے طریقوں کے بارے میں بھی بتایا گیا۔ پروبیشنری افسران نے بریفنگ کو سراہا اور حکومتی مواصلات و ڈیجیٹل میڈیا کے کردار میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 33

کلارک، ایلسٹر کک، مائیکل گیٹنگ، میل گوانسکر، لی جرمین، ایڈم گلکرسٹ، ڈیوڈ گاور، کم ہیوز، ناصر حسین، کلائیو لائیڈ، کپل دیو، ارجنا رانا ٹنگا، اینڈریو سٹراس، دلیپ وینگسرکر، اسٹیو وا اور جان رائٹ شامل ہیں۔ سابق کپتانوں نے واضح کیا کہ وہ یہ اپیل سیاستدانوں کی حیثیت سے نہیں بلکہ کرکٹ کے میدان میں عمران خان کے سابق ساتھیوں اور حریفوں کی حیثیت سے کر رہے ہیں اور پاکستان کے داخلی قانونی معاملات میں مداخلت کا ارادہ نہیں رکھتے۔ واضح رہے کہ یہ سابق عالمی کپتانوں کی جانب سے وزیراعظم کو چھ ماہ کے دوران دوسرا خط ہے۔ رواں سال فروری میں 14 سابق کپتانوں نے بھی عمران خان کی صحت اور مبینہ طور پر ایک آنکھ کی بینائی متاثر ہونے کی رپورٹس پر تشویش کا اظہار کیا تھا

بقیہ نمبر 34

لائی ہوئی۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ صدام حسین کو پھانسی لگ سکتی تو تین یا ہو پر مقدمہ کیوں نہیں ہوسکتا، ہم بھی امریکا کے اتحادی بن گئے، دہشت گردی کے خلاف ہم ڈالر لے رہے ہیں، کیا دہشت گردی ختم ہوگئی؟ بدامنی اس حد تک بڑھ گئی ہے کہ حکومت کی رٹ ختم ہوگئی ہے

بقیہ نمبر 35

منعقد کی۔ اس موقع پر پاکستان میں روانڈا کی سفیر، رکن قومی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری (قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن) محترمہ فرح ناز اکبر، مختلف غیر سرکاری تنظیموں کے سربراہان اور پاکستان بیت المال کے ویمن ایمپاورمنٹ سینٹرز کی زیر تربیت خواتین بھی موجود تھیں۔ مینیجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ نے معزز مہمانوں کے ہمراہ نمائش میں لگائے گئے تمام اسٹالز کا دورہ کیا اور زیر تربیت خواتین کی جانب سے تیار کردہ مصنوعات کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے خواتین کی محنت، لگن، مہارت اور تخلیقی صلاحیتوں کو سراہا۔ روانڈا کی سفیر نے اپنے خطاب میں پاکستانی ثقافت کو مالا مال اور بادقار قرار دیتے ہوئے خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پاکستان بیت المال کی قیادت اور ٹیم کی نمایاں خدمات کو سراہا۔ انہوں نے غریب اور مستحق خواتین کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لیے باہمی تعاون اور بھرپور معاونت کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ نے کہا کہ پاکستان بیت المال کے خواتین کو بااختیار بنانے کے اقدامات کا مقصد محض پیشہ ورانہ اور فنی مہارتیں فراہم کرنا نہیں، بلکہ ہنر کی ترقی سے لے کر کاروباری مواقع، مارکیٹ تک رسائی اور پائیدار ذریعہ معاش تک ایک مکمل راستہ فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے خواتین کو جدید مارکیٹنگ کے طریقوں، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور آن لائن فروخت کے پلیٹ فارمز سے روشناس کرانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ان کی تیار کردہ مصنوعات مقامی سطح سے آگے بھی صارفین تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعات تیار کرنے والی خواتین کو ای کامرس اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز سے منسلک کرنے سے انہیں نئی مارکیٹ تک رسائی، اپنے کاروبار کو وسعت دینے اور آمدن کے پائیدار ذرائع پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ مینیجنگ ڈائریکٹر نے نمائش کے انعقاد میں پاکستان بیت المال کے شراکت دار اداروں کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں خواتین کے لیے پائیدار معاشی مواقع پیدا کرنے کے لیے سرکاری اداروں، نجی شعبے کی تنظیموں، کاروباری اداروں اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے درمیان موثر شراکت داری ناگزیر ہے۔ انہوں نے پاکستان بیت المال کے زیر انتظام چلنے والے ایک سو پینسٹھ ویمن ایمپاورمنٹ سینٹرز میں حال ہی میں متعارف کرائی جانے والی جدید اصلاحات کا بھی احاطہ کیا، جن کا مقصد فنی تربیت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور خواتین کی زیر تربیت افراد کو مارکیٹ کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق بہتر طور پر تیار کرنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان بیت المال کے ویمن ایمپاورمنٹ سینٹرز سے اب تک چار لاکھ سے زائد خواتین تربیت مکمل کر چکی ہیں۔ وزیراعظم کے اڑان پاکستان پروگرام کی اہمیت کا حوالہ دیتے ہوئے سینئر کیپٹن شاہین خالد بٹ نے کہا کہ پاکستان بیت المال کا وسیع تر وژن جامع معاشی ترقی کے قومی مقصد سے ہم آہنگ ہے، جس کے تحت خواتین کو ہنر، کاروبار، مارکیٹ تک رسائی اور ڈیجیٹل شمولیت کے ذریعے بااختیار بنانا ہے

بقیہ نمبر 36

اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزارت خارجہ کی جانب سے وسطی ایشیائی ممالک کے ڈیسک کے سربراہ سفیر حسن علی ظہیر بھی موجود تھے۔ اجلاس میں شریک سفیروں میں روس کے سفیر البرٹ پی۔ خوریو، ایران کے سفیر رضا امیری مقدم، قازقستان کے سفیر یرژیان کستافین، بیلاروس کے سفیر آندرے ایرمو لووچ اور ازبکستان کے سفیر علی شیر تختیف شامل تھے۔ جبکہ چین، بھارت، کرغزستان اور تاجکستان کے مشنوں کی نمائندگی قائم المقام سربراہان نے کی۔ ان میں چین کے ناظم الامور ڈاؤ لی جیان، بھارت کے ناظم الامور ڈاکٹر سٹیش کمار پانڈے، کرغزستان کے ناظم الامور الان بیک توتوئیف اور تاجکستان کے ناظم الامور شریف زادہ یوسف طیر شامل تھے۔ اجلاس میں ایس سی او کی سنہ 2027 میں ایس سی او کی صدارت سے متعلق تنظیمی اور انتظامی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ سفیر ڈاکٹر محمد فیصل نے شرکاء کو سربراہ اجلاس کے روڈ میپ سے آگاہ کیا اور کامیاب انعقاد کے لیے تعاون کی درخواست کی

بقیہ نمبر 37

مطلب دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کا خاتمہ نہیں ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چلی کی وزارت خارجہ کے ایک بیان میں کہا ہے کہ تہران میں سفارت خانہ بند ہونے کے بعد، ملک کے قونصلر امور تر کی کے دارالحکومت انقرہ میں موجود چلی کے قونصل خانے کے ذریعے انجام دیئے جائیں گے۔ وزارت نے اس فیصلے کی وجوہات میں حکومتی خارجہ پالیسی کے اہداف کو آگے بڑھانے کیلئے آپریشنل سٹیٹ نظیم نو اور وسائل کی ترجیحات کا تعین، نیز مشرق وسطیٰ میں سکیورٹی کی صورت حال سے متعلق احتیاطی پہلوؤں کا حوالہ دیا ہے۔ چلی کے دائیں بازو سے تعلق رکھنے والے صدر ہوزے انتونیو کاسٹ، جو مارچ سے اقتدار میں ہیں، ٹرمپ انتظامیہ سے ہم آہنگ موقف اختیار کیے ہوئے ہیں۔ تاہم، ان کی انتظامیہ کے کچھ ارکان نے حالیہ ہفتوں میں لاطینی امریکہ کے حوالے سے امریکی طرز عمل پر شکوک وشبہات کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 38

امریکی صدر کی معاہدے کی حمایت پاکستان کی واشنگٹن میں اہمیت کو ظاہر کرتی ہے، معاہدے کے فوکس علاقائی پراکسی خطرات سے نمٹنا ہے، جبکہ معاہدے میں دیگر علاقائی ممالک کیلئے شمولیت کا راستہ کھلا رکھا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 39

گفتگو میں کہا کہ تہران کو معاہدے میں شامل ہونے کی دعوت موصول ہوئی ہے اور معاملہ زیر غور ہے۔ مہدی رحیمی کا کہنا تھا کہ خطے کے ممالک علاقائی سیکورٹی چھتری کے قیام کی جانب بڑھ رہے ہیں، جو ایران کے لیے ایک کامیابی ہے کیونکہ تہران طویل عرصے سے خطے میں مقامی سکیورٹی نظام کی حمایت کرتا رہا ہے۔ انہوں نے امریکا پر ایران کے خلاف معاشی جنگ مسلط کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے خبردار کیا کہ جو ممالک اس میں واشنگٹن کا ساتھ دیں گے انہیں اس کی قیمت چکانا پڑے گی۔ تاہم سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کی حکومتوں نے ایران کو دعوت دیئے جانے کی باضابطہ تصدیق نہیں کی جبکہ معاہدے میں ایران کو ممکنہ رکن قرار دینے والی کوئی دستاویز بھی منظر عام پر نہیں آئی

بقیہ نمبر 40

پر نظر ثانی، ترمیم اور اسے واپس لینے کی استدعا کی گئی ہے، درخواست میں بانی پی ٹی آئی کو اڈیالہ جیل سے نجی ہسپتال منتقل کرنے اور میڈیکل بورڈ کے ذریعے طبی معائنے وعلاج سے متعلق احکامات کو چیلنج کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 41

قیمتیں کم کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالات ایسے ہیں کہ وسائل محدود ہونے کے باوجود حکومت عوام کو ریلیف دینے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بھارت نے ایک بار پھر پاکستان مخالف بیانیہ اور پروپیگنڈا شروع کیا، جس کا پاکستان نے منہ توڑ جواب دیا ہے۔ بھارتی پروپیگنڈے کا وزارت خارجہ نے بھی بھرپور جواب دے چکا ہے۔ رانا تنویر حسین نے مزید کہا تھا کہ حکومت سیاسی معاملات کو جمہوری انداز میں حل کرنے اور مذاکرات کے ذریعے مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ نمبر 42

کا کہنا تھا کہ آج کے دور میں ٹیکنالوجی نے لوگوں کی زندگیاں بدل دی ہیں اور پاکستان میں بھی اس کا تیزی سے استعمال ہو رہا ہے۔ اسٹیفن سینڈرز نے مزید کہا کہ پاکستان میں ایپل کے دفتر کا امکان ایک مثبت پیشرفت ہوگا، اور ہمیں امید ہے کہ ایپل کا ہیڈکوارٹر بھی پاکستان میں قائم ہوگا۔

بقیہ نمبر 43

پھلوں کی پیٹیوں کی قیمتوں میں ایک ہزار سے 2 ہزار روپے تک کا اضافہ ہوا ہے۔ دکانداروں کا بتانا تھا کہ کدو 150 سے بڑھ کر 200 روپے، گوبھی 150 سے بڑھ کر 220 روپے کلو، بند گوبھی 150 سے بڑھ کر 250 روپے فی کلو اور بھنڈی 300 سے بڑھ کر 400 روپے کلو ہو گئی ہے

بقیہ نمبر 44

ٹل از اجلاس میں واپس لے لیں۔ جبکہ 32 کیسز جو ڈیزائن ویٹنگ کمیٹی کے سامنے پیش ہوئے ان میں سے 23 کیسز کی منظوری دی گئی۔ اسی طرح ملتوی ہونے والے کیسز آرکیٹیکٹس کی جانب سے بنیادی پارکنگ اور بنیادی پیرامیٹرز و ڈیزائنز درست انداز میں پیش نہ ہونے کی وجہ سے ہوئے۔ ملتوی ہونے والے کیسز بنیادی پارکنگ اور بنیادی پیرامیٹر ڈیزائنز کے تقاضوں کے مکمل ہونے کے بعد دوبارہ DVC میں پیش کیا جائیگا۔ اس سلسلے میں DVC کی جانب سے آرکیٹیکٹس کو ایڈوائزری بھی جاری کی گئی تھی، کالسنر آرکیٹیکٹس کی غیر حاضری کے باعث 5 کیسز پیش نہ ہو سکے۔ وزیر مملکت شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی اور چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) ، چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی ہدایت کے مطابق بلڈنگ پلانز کی منظوریاں اسلام آباد میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور بزنس پراسیس کو آسان بنانے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ شہریوں کی حفاظت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے سی ڈی اے بلڈنگ کی منظوری کے عمل کو مزید آسان اور سہل بنایا جا رہا ہے۔ ڈیزائن ویٹنگ کمیٹی کی [illegible]

[illegible]

بقیہ نمبر 45

نے کہا کہ پاکستان اور قطر کے تعلقات مشترکہ تاریخ، ثقافت، مذہب اور صدیوں پر محیط مفادات پر استوار ہیں۔ انہوں نے دو طرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کے لیے تجارت، سرمایہ کاری اور باہمی تعاون کے فروغ کی ضرورت پر زور دیا۔ [illegible]

بقیہ نمبر 46

طلبہ شرکت کریں گے۔ کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد اصغر علی نے بتایا کہ تمام اہل فارغ التحصیل طلبہ اپنی رجسٹریشن 25 ستمبر 2026 تک مکمل کر لیں۔ [illegible]

بقیہ نمبر 47

گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے مختلف وفود، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور کاروباری و تجارتی شخصیات نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ان سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ [illegible]

بقیہ نمبر 48

تعزیت اور اظہار افسوس کیا اور سوگوار خاندان سے تعزیت کی۔ [illegible]

بقیہ نمبر 49

زاویوں سے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ شواہد کی روشنی میں مقدمہ کا چالان میرٹ پر عدالت میں پیش کیا جائے گا

بقیہ نمبر 50

کے دھرنے کے ساتھ روز خواتین [illegible]

[illegible]

بقیہ نمبر 51

مارشل عاصم منیر کا دورہ خطے میں امن و سلامتی کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششوں کا تسلسل ہے۔ [illegible]

بقیہ نمبر 52

وزیر خارجہ اسحاق ڈار اپنے برطانوی ہم منصب سے ملاقات کریں گے۔ [illegible]

بقیہ نمبر 53

ہیں۔ عباس عراقچی نے مزید کہا کہ امریکا کی تمام چالیں ناکام ہو چکی ہیں۔

بقیہ نمبر 54

[illegible]

بقیہ نمبر 55

[illegible]

بقیہ نمبر 56

کسانوں نے بتایا کہ فصل خریدنے والا کوئی نہیں ہوگا۔ [illegible]

بقیہ نمبر 57

[illegible]

بقیہ نمبر 58

[illegible]

بقیہ نمبر 59

[illegible]

بقیہ نمبر 60

[illegible]

اسلام آباد، مولانا قاسم شیخ سالانہ مصطفیٰؐ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پی پی کینٹ تنظیم سازی: کارکنوں کی تجاویز کو مدنظر رکھا جائیگا، خالد بوبی

ڈویژنل جنرل سیکرٹری کی صدارت میں چکلالہ کینٹ کے سینئر راہنماؤں کا اجلاس

BISP میں مزید غریب گھرانوں کی شمولیت کیلئے اقدامات کیے جائیں، راہنماؤں کا مطالبہ

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری ملک خالد نواز بوبی نے کہا ہے کہ راولپنڈی چکلالہ کینٹ میں پارٹی کی نئی تنظیم سازی کے حوالے سے کارکنوں کے تحفظات سے اعلیٰ قیادت کو آگاہ کیا جائے گا اور تنظیم نو میں کارکنوں کی آراء و تجاویز کو مدنظر رکھا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیپلز لیبر بیورو سنٹرل پنجاب کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سجاد حسین ساجد کی رہائشگاہ پر کینٹ کے سینئر راہنماؤں کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں کینٹ سے سابق امیدوار قومی وصوبائی اسمبلی آغا مجیب احمد خان ایڈووکیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ویسٹرج تھری میں چوری، ملزمان گرفتار نہ ہوسکے

ملزمان کو گرفتار، زیورات اور نقدی برآمد کروائے جائیں، مدعی مقدمہ

راولپنڈی (خبرنگار) راولپنڈی کے تھانہ ویسٹریج کے علاقے ویسٹریج تھری میں گھر سے لاکھوں روپے مالیت کی نقدی واشیاء چرا لے کر فرار ہونے والی خواتین ملازمین کا سراغ نہ لگایا جاسکا پولیس کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

کراچی، عید میلادالنبیؐ کے سلسلہ میں اونٹ پر ریلی نکالی جارہی ہے

پرائیویٹ حج سکیم 2027 عازمین کو واجبات کی ادائیگی شروع

تمام مالی معاملات وزارت کے مجاز ڈیجیٹل نظام، حج پورٹل یا پاک حج ایپ کے ذریعے انجام دیے جائیں گے، ترجمان

عازمین فراڈ اور جعلسازی سے محفوظ رہنے کے لیے صرف وزارت مذہبی امور کے مجاز ڈیجیٹل نظام سے رجوع کریں

اسلام آباد (صباح نیوز) پرائیویٹ حج اسکیم 2027 کے لیے حج پورٹل کے ذریعے عازمین حج سے واجبات کی وصولی کا باقاعدہ آغاز گذشتہ رات کر دیا گیا ہے، وزارت مذہبی امور نے عازمین حج کو ہدایت کی ہے کہ پرائیویٹ حج سکیم سے متعلق بکنگ، کمپنی اور حج پیکیج کے انتخاب سمیت تمام مالی معاملات صرف وزارت کے مجاز ڈیجیٹل نظام، حج پورٹل یا پاک حج ایپ کے ذریعے انجام دیے جائیں۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق نیشنل آئی ٹی بورڈ کے تعاون سے تیار کردہ حج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3) کسی بھی منظم کمپنی کو عازمین حج سے براہ راست رقم وصول کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔

ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان اور دیہی مراکز میں عملے کی شدید کمی

جنرل ڈیوٹی کا عملہ دیگر مقامات پر تعینات، عوام علاقہ میں تشویش

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان اور مضافاتی دیہی مراکزِ صحت میں پیرامیڈیکل اسٹاف، نرسوں اور ڈاکٹروں کی کمی کے باعث غریب مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا، متعدد اہم ملازمین کی دیگر شہروں اور بااثر دفاتر میں عارضی ڈیوٹیوں کے باعث مقامی طبی نظام شدید دباؤ کا شکار، سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کی اپیل تفصیلات کے مطابق، ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان راولپنڈی ضلع کے مصروف ترین ہسپتالوں میں سے ایک ہے جہاں روزانہ ہزاروں مریضوں کا بوجھ ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

محسن اعظم کانفرنس 11 ربیع الاول کو ہوگی

اڈیالہ (نامہ نگار) محسن اعظم کانفرنس 11 ربیع الاول کو بعد نماز مغرب انعقاد پذیر ہوگی۔ کانفرنس سے مولانا عبدالرزاق صمدانی خصوصی خطاب فرمائیں گے۔ مولانا ڈاکٹر عتیق الرحمن کی خصوصی آمد اور قاضی جنید رشید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی پولیس کا سٹریٹ کرائم اور چوری کے گینگز کے خلاف کریک ڈاؤن 7 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی پولیس نے سٹریٹ کرائم اور چوری ونقب زنی کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 گینگز کے 7 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

THQ ہسپتال مری کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری

او پی ڈی میں 2 لاکھ 16 ہزار سے زائد مریضوں کا علاج کیا گیا

مری (نمائندہ شہرنامہ) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال مری کی انتظامیہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

شکریال میں جلوس عید میلاد النبیؐ کو حتمی شکل دیدی گئی

جلوس میلاد مصطفیٰؐ علامہ محمد ہاشم حقانی کی قیادت میں نکالا جائے گا

راولپنڈی (پ ر) شکریال میں 33 واں جلوس میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم علامہ محمد ہاشم حقانی کی قیادت میں نکالا جائے گا۔ شکریال میں جلوس عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو حتمی شکل دے دی گئی ملک بھر کی طرح شکریال میں بھی عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم انتہائی مذہبی عقیدت واحترام سے منائی جائے گی۔ شکریال کے گردونواح کی تمام میلاد کمیٹیاں علماء ومشائخ دربار بوٹا بادشاہ شکریال اسلام آباد میں 8 بجے جمع ہونگے اور 9 بجے افتتاحی تقریب منعقد ہوگی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

(CWEP) کے زیر اہتمام تقریب، ممبرشپ کارڈز تقسیم

شرکاء نے پاکستان کو پانی کے ممکنہ بحران سے محفوظ بنانے کے لیے تجاویز دیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) کونسل فار واٹر اینڈ انوائرنمنٹل پریزرویشن (CWEP) کے زیر اہتمام ممبرشپ کارڈز تقسیم کرنے کی تقریب گزشتہ روز اسلام آباد کلب میں منعقد ہوئی، جس میں کونسل کے سرپرستِ اعلیٰ رفیق طاہر، مہمانِ خصوصی معشال حسین ملک، چیئرپرسن عاصمہ ملک، صدر محمود وڑائچ، ایگزیکٹو صدر منیر عثمانی اور میزبان راشد ملک سمیت کونسل کے بانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

وزیر مملکت بلال کیانی سے افضال مغل کی قیادت میں وفد کی ملاقات

شاندار کارکردگی پر تمغہ ہلال امتیاز کے لیے منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی

اسلام آباد (پ ر) پاکستان مسلم لیگ ن فیڈرل کیپٹل اسلام آباد کے سینئر رہنما افضال احمد مغل کی قیادت میں ایک وفد نے وفاقی وزیر مملکت برائے خزانہ وریلوے جناب بلال اظہر کیانی کے آفس فائنانس منسٹری اسلام آباد میں ملاقات کی اس موقع پر ان کے ساتھ زرعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

کلائمیٹ جرنلسٹ فرحین العاص کو نیشنل فریڈم ایوارڈ سے نوازدیا گیا

تقریب کا انعقاد پاکستان میڈیا کونسل اسلام آباد کے زیر اہتمام کیا گیا

اسلام آباد (پ ر) کلائمیٹ جرنلسٹ فرحین العاص کو نیشنل فریڈم ایوارڈ سے نوازا گیا اسلام آباد میں منعقد نیشنل فریڈم ایوارڈ تقریب میں کلائمیٹ جرنلسٹ فرحین العاص کو صحافت کے شعبے میں نمایاں خدمات، ماحولیاتی مسائل کو اجاگر کرنے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سٹیزن فورم کا بااختیار، جامع اور جوابدہ مقامی حکومتوں کے قیام کا مطالبہ

مقررین نے مقامی حکومتوں کے نظام کو موثر بنانے کے لیے تجاویز پیش کی گئیں

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) سول سوسائٹی، میڈیا، تعلیمی اداروں، نوجوانوں، سیاسی جماعتوں، مقامی حکومتوں اور گورننس کے شعبے سے وابستہ نمائندوں نے ملک میں مضبوط، بااختیار، جامع اور جوابدہ مقامی حکومتوں کے قیام کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمہوری فیصلہ سازی کو شہریوں کے قریب لانے کے لیے مقامی حکومتوں کو واضح اختیارات، مناسب وسائل اور متعین ذمہ داریاں دی جائیں۔ یہ مطالبہ یونائیٹڈ گلوبل آرگنائزیشن آف ڈویلپمنٹ (UGOOD) کے زیر اہتمام آواز سی ڈی ایس پاکستان اور پاکستان ڈویلپمنٹ الائنس (PDA) کے اشتراک سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

یونائیٹڈ گلوبل آرگنائزیشن آف ڈویلپمنٹ (UGOOD) کے زیراہتمام تقریب کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

پاکستان میں آئندہ سال ساؤتھ ایشین گیمز کے شیڈول کی منظوری

28 مرد اور 25 خواتین کے کھیلوں کے مقابلے، 4 ہزار 200 سے زائد ایتھلیٹس، آفیشلز کی شرکت متوقع

346 گولڈ میڈلز کیلئے کھلاڑی ایکشن میں ہونگے، مقابلے اسلام آباد، لاہور اور پشاور میں منعقد کیے جائیںگے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ساؤتھ ایشیا اولمپک کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی نے پاکستان میں گیمز کے شیڈول کی منظوری دے دی۔ سیف گیمز آئندہ سال 3 سے 11 اپریل تک پاکستان میں منعقد ہوں گے۔ ساؤتھ ایشیا اولمپک کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے دوران پاکستان میں ساؤتھ ایشین گیمز کے انعقاد کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں ساؤتھ ایشین گیمز کے شیڈول کی منظوری دی گئی۔ میگا ایونٹ میں 28 مردوں اور 25 خواتین کے کھیلوں کے مقابلے ہوں گے، جبکہ رکن ممالک کے 4 ہزار 200 سے زائد ایتھلیٹس اور آفیشلز کی شرکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

حضور کی ولادت انسانیت کیلئے باعثِ رحمت ہے، پیر سرکار جی

آپ نے دنیا کو کفر و کے اندھیروں سے نکال کر توحید وسنت کی روشنی سے منور فرما دیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) حضور کی ولادت انسانیت کے لیے باعثِ رحمت ہے، آپ کی تشریف آوری سے پہلے پوری دنیا کی اخلاقی و معاشرتی حالت انتہائی خراب تھی۔ انسانیت دم توڑتی دکھائی دے رہی تھی۔ ایک طرف اخلاقی گراوٹ اور پستی کا یہ حال تھا کہ بیٹا سوتیلی ماں سے شادی کر لیتا تھا، دوسری طرف غیرت کے نام پر بیٹیوں کو پیدا ہوتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی، پیر سرکار جی میلاد کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں 10 افراد گرفتار 35 لیٹر شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 10 افراد کو گرفتار کر کے 35 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف کارروائیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی پولیس افسران واہلکاروں کی اخلاقی وپیشہ ورانہ تربیت کیلئے ورکشاپ

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں افسران واہلکاروں کی اخلاقی وپیشہ ورانہ تربیت کے لیے خصوصی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ایس پی ہیڈکوارٹرز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

جشن عید میلادالنبیؐ: ڈھوک سیداں کے زیراہتمام گرجا روڈ پر بڑی ریلی نکالی گئی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کے سلسلے میں میلاد مرکز ڈھوک سیداں کے زیراہتمام گرجا روڈ پر بڑی ریلی نکالی گئی جس میں علما ومشائخ، معززین علاقہ اور عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی کثیر تعداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان اور اے ایس پی کی میلاد کمیٹی زمہ داران سے میٹنگ

بارہ ربیع الاول کے مرکزی جلوس اور پروگراموں کے حوالے سے مشاورت مکمل

گوجرخان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ اور اے ایس پی سید دانیال کاظمی کی مرکزی میلاد مصطفیٰ کمیٹی اور انتظامی اداروں کے نمائندوں کیساتھ میٹنگ میں جشن عید میلادالنبی کے حوالے سے تمام انتظامات کا جائزہ لیا گیا، متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان اور اے ایس پی سے میلاد کمیٹی زمہ داران میٹنگ کر رہے ہیں

مکہ دفاعی معاہدے میں بنگلہ دیش کی ممکنہ شمولیت بھارت میں کھلبلی

جوائنٹ ڈیفنس ڈیل اور بنگلہ دیش کا مثبت ردعمل، جنوبی ایشیا کے سٹریٹجک منظرنامے میں تبدیلی پر بھارتی تشویش بڑھ گئی

معاہدہ میں ترکیہ کو اسرائیل سیکورٹی محاسبوں میں دیکھتا ہے، پاکستان کی شمولیت بھارت کیلئے اہم سٹریٹجک تشویش کا باعث

ڈھاکہ (صباح نیوز) مکہ دفاعی معاہدے میں بنگلہ دیش کی ممکنہ شمولیت نے بھارت کی پریشانی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ ٹائمز آف اسرائیل میں سیکورٹی امور کے ماہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی مختلف کارروائیوں میں پکڑے گئی منشیات پولیس کی تحویل میں

گوجرخان سٹی میں وولٹیج میں اتار چڑھاؤ، شہریوں کا قیمتی سامان متاثر

مختلف علاقوں کی آبادی اور بجلی کی ضروریات میں اضافہ ہوچکا، شہری

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان شہر کے وارڈ نمبر 19 محلہ فیروز دین اور وارڈ نمبر 7 میاں سعید والی گلی میں بجلی کے وولٹیج میں مسلسل اتار چڑھاؤ کے باعث شہریوں کے قیمتی برقی آلات متاثر ہونے لگے۔ مقامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی منشیات کیخلاف کارروائیاں دو سپلائر گرفتار

منشیات کے ناسور خاتمے کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، ایس پی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو منشیات سپلائرز کو گرفتار کرلیا۔ سول لائنز پولیس نے کارروائی کے دوران ملزم سے 2 کلو 400 گرام چرس جبکہ نصیر آباد پولیس نے منشیات سپلائر سے 220 گرام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

درِرسول سے رہنمائی لے کر صالح معاشرہ قائم کیا جاسکتا، علامہ قاسم

میلاد شریف کی محافل فروغ محبت رسول کا ذریعہ ہیں، محفل میلاد سے خطاب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) عصر حاضر میں چیلنجز سے نمٹنے کے لئے درِرسول سے رہنمائی لے کر صالح معاشرہ قائم کیا جاسکتا ہے میلاد شریف کی محافل فروغ محبت رسول کا ذریعہ ہیں سیرت طیبہ ہی صبح قیامت تک نہ صرف مسلمہ امہ بلکہ پوری انسانیت کے لئے نصاب حیات ہے پاکستان سے محبت کے لازوال جذبوں کو فروغ دینے استحکام و ترقی کے لئے عملی کردار ادا کرنے کا عہد کرنا ہوگا ہمارا جینا مرنا اسلام اور پاکستان کے لئے ہے، درود شریف کی کثرت کو معمول اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

محفل میلادالنبی میں کلچر ایونٹ آرگنائزر و کالم نگار پیر سید سہیل بخاری عبدالوہاب مدنی کو ایوارڈ دے رہے ہیں

واسا سوتیلی ماں والا سلوک بند کرے، اہلیان محمدی کالونی اڈیالہ روڈ

بل باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں، مگر پانی باقاعدگی سے نہیں ملتا، اجلاس میں گفتگو

اڈیالہ (نامہ نگار) ہائے پانی ہائے پانی، محکمہ واسا سوتیلی ماں والا سلوک بند کرے۔ بل باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں، مگر پانی باقاعدگی سے نہیں ملتا۔ اس سے قبل جب واسا کے تین ٹیوب ویلز تھے پانی باقاعدگی سے ملتا تھا اب نو ٹیوب ویلز ہیں مگر پانی میسر نہیں۔ کبھی پائپ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی، چیئرمین تحریک شادباد حنیف مغل آل پارٹیز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن 34 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے چرس، آئس اور مختلف بور کے 7 پستول معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے جاری کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور مجرمان اشتہاریوں سمیت 34 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے 15 ملزمان شامل ہیں جن کے قبضہ سے 540 گرام چرس 1563 گرام آئس اور مختلف بور کے 7 پستول معہ ایمونیشن برآمد ہوئے پولیس کا کہنا ہے کہ مجرمان اشتہاری سابقہ ریکارڈ یافتہ اور عدالتی مفروران کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد پولیس کے 145 گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز

مشکوک افراد، گاڑیوں مزید جانچ پڑتال کے لیے متعلقہ تھانوں منتقل

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس نے ماہ اگست کے دوران وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں 145 گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے، جن کے دوران 9 ہزار 317 افراد، 3 ہزار 993 گھروں، 274 ہوٹلز، ایک ہزار 27 دکانوں، 4 ہزار 908 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں پکڑے گینگ سے برآمد کیے گئے موٹرسائیکل

گوجرخان دکان میں آتشزدگی، لاکھوں کا نقصان

کارپٹس دکان میں لگی آگ نے الیکٹرونکس کی دکان کو بھی لپیٹ میں لے لیا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) سروس روڈ گوجرخان پر واقع گیلانی کارپٹس میں علی الصبح اچانک آگ بھڑک اٹھی، کروڑوں روپے مالیت کا سامان جل کر خاکستر، آگ کے باعث اوپر واقع میاں الیکٹرونکس کو بھی جزوی نقصان، گیلانی کارپٹس کے مالک عظمت گیلانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

مکہ معاہدہ عملی دفاعی تعاون اور معاشی روابط کو فروغ دے گا، مسعود خان

معاہدہ محض اعلانیہ دستاویز نہیں، تینوں ممالک مابین مشترکہ فوجی مشقوں، تربیت اور دفاعی تعاون کیلئے نظام تشکیل دیا جائے گا

اسلام آباد (خبرنگار) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان اسٹریٹجک ہم آہنگی کے ذریعے اجتماعی دفاعی صلاحیت کی بنیاد فراہم کرتا ہے، جبکہ اس کے تحت عملی دفاعی تعاون کے ساتھ ساتھ معاشی روابط کو بھی فروغ دیا جائے گا۔ سنٹر فار لا اینڈ سکیورٹی میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر اظہار خیال کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ معاہدہ محض ایک اعلانیہ دستاویز نہیں بلکہ اس کے تحت تینوں ممالک کے درمیان مشترکہ فوجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

مری، جشن عید میلادالنبیؐ کے سلسلہ میں اجلاس میں سیرت کمیٹی رہنما وفاءالحق ودیگر کا گروپ فوٹو

ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی کھلی کچہری، احکامات جاری

مارک کردہ درخواستوں پر ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جہاں انہوں نے شہریوں کی شکایات سنیں اور ان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اڈیالہ، مولانا شیر مغل، ولی الرحمان ساجد بشیر راجہ کو دعوت نامہ دے رہے ہیں

12 ربیع الاول میلاد کمیٹی یوسی اڈیالہ کی تیاریاں مکمل

راستوں کو رنگ برنگی جھنڈیوں اور سٹال اور سٹیجوں سے سجایا جائے گا

اڈیالہ (نامہ نگار) 12 ربیع الاول کو مرکزی علمائے اہلسنت و میلاد کمیٹی یونین کونسل اڈیالہ کی تیاریاں مکمل۔ جلوس اپنے مقررہ وقت پر شروع ہوگا۔ راستوں کو رنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

حکمرانی نہیں نظام بدلنے کی ضرورت!

رخت سفر

بشارت کھوکھر

چیئرمین پنجاب گروپ آف کالجز ماہر تعلیم اور سابق ضلع ناظم لاہور میاں عامر محمود نے گزشتہ روز لاہور میں میرا صوبہ میرا نظام آگاہی مہم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بجا طور پر اس جانب توجہ دلائی کہ ہمیں حکمران بدلنے کے بجائے نظام بدلنا ہوگا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ملک کو درپیش مسائل پر جب بھی بحث ہوتی ہے تو عموماً سیاسی جماعتوں کی کارکردگی یا حکومتوں کی ناکامی پر مرکوز ہو جاتی ہے۔ اچھی قیادت اور مؤثر حکومت یقیناً کسی بھی ملک کی ترقی کیلئے ضروری ہیں مگر پاکستان میں گزشتہ پون صدی کے دوران مختلف سیاسی نظام اور حکمران آئے لیکن انتظامی کمزوریاں، علاقائی محرومی، وسائل کی غیر مساوی تقسیم اور عوام سے حکومت کا فاصلہ برقرار رہا۔ اس لیے اب وقت آ گیا ہے کہ مسئلے کو صرف سیاسی نہیں انتظامی زاویے سے بھی دیکھا جائے۔ دنیا کے ہر ملک نے آبادی بڑھنے کیساتھ اپنے انتظامی یونٹس کی تعداد میں اضافہ کیا مگر ہمارا ملک شاید واحد مثال ہے کہ قیام پاکستان کے وقت سے اب تک آبادی میں سات گنا اضافہ ہوگیا مگر صوبوں کی تعداد وہی کی وہی ہے۔ ہمارے ہاں نئے صوبوں کی تشکیل کی راہ میں سیاسی رکاوٹیں ڈالی گئیں اور شبہات پیدا کئے گئے۔ ایک بڑا مغالطہ یہ پیدا کیا گیا کہ نئے صوبے بنانے سے اخراجات میں اضافہ ہوجائے گا حالانکہ صوبے چھوٹے ہونے سے بیوروکریسی کی تعداد کم ہو جائے گی۔ بڑے صوبوں کیلئے اضافی بیوروکریسی اور دیگر لوازمات کی ضرورت پڑتی ہے جب بڑے صوبے کئی چھوٹے یونٹس میں تقسیم ہو جائیں گے تو ان اضافی اخراجات کی ضرورت نہیں رہے گی۔ سب سے بڑا فرق یہ آئے گا کہ صوبوں کے مالی وسائل ان صوبے میں تشکیل پانے والے بھی انتظامی یونٹس میں طے شدہ فارمولے کے مطابق تقسیم ہوں گے۔ اس طرح صوبوں کے وہ علاقے جو دور دراز ہیں اور حکومتی ترجیحات میں اوپر نہیں آسکے انہیں بھی وسائل میسر آئیں گے مقامی سطح پر ترقی ہوگی اور محرومیوں کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ پاکستان کے نوجوان بھی اصلاحات کے متقاضی ہیں۔ نوجوان ملک کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

غیر منظور شدہ پرائیویٹ ہاؤسنگ اسکیم

مشتری ہوشیار باش

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ واہ اس سے قبل بھی کئی مرتبہ بذریعہ اشتہار / نوٹسز آگاہ کر چکا ہے کہ درج ذیل غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیمز / کالونیز کنٹونمنٹ بورڈ واہ کی حدود میں واقع ہیں۔ ان کالونیز / ہاؤسنگ سوسائٹیز کے مالکان نے کنٹونمنٹ ایکٹ 1924ء قوانین کے تحت کنٹونمنٹ بورڈ سے باقاعدہ طور پر کسی قسم کی کوئی منظوری نہ لی ہے۔ لہذا کینٹ بورڈ واہ ان غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیمز کے لین دین سے متعلق کسی قسم کا NOC جاری نہیں کرے گا اور نہ ہی نقشہ جات منظور کیے جائیں گے۔ نیز ان ہاؤسنگ اسکیمز میں ہر قسم کی تعمیر غیر قانونی تصور کی جائے گی اور کینٹ بورڈ ایسی تمام غیر قانونی تعمیرات کو گرانے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ مزید برآں ان غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیمز / کالونیز میں خرید وفروخت کی صورت میں ہر قسم کے نقصان کی ذمے داری بائعان ومشتریان پر ہوگی اور کنٹونمنٹ بورڈ واہ کسی نقصان کا ذمہ نہیں ہوگا۔

نمبر شمار	ہاؤسنگ اسکیم / کالونی
.1	نیو سٹی فیز I
.2	نیو سٹی فیز II
.3	تعمیر حیات
.4	فیصل اقبال ٹاؤن
.5	چراغیہ ٹاؤن

PID (I)1746/26

المشتہر
کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
واہ چھاؤنی